★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیر وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27 ...... شمارہ نمبر 351 بروز بدھ 16 ستمبر 2026ء، 3 ربیع الثانی 1448ھ ...... قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان ...... ایڈیٹر: ایم ایس خان

سریاب روڈ پر مسلح نقاب پوش افراد دن دیہاڑے نجی بینک سے لاکھوں روپے لوٹ کر فرار ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ پر مسلح نقاب پوش افراد دن دیہاڑے نجی بینک سے لاکھوں روپے لوٹ کر فرار ہو گئے اور جاتے ہوئے نقدی سڑک پر گر گئے اور ٹریفک کو روک کر فرار ہو گئے ذرائع کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے نواحی علاقے سریاب میں واقع نجی بینک میں نامعلوم مسلح نقاب پوش افراد اسلحہ کے زور پر داخل ہوئے بینک کے عملے اور وہاں موجود لوگوں کو یرغمال بنا کر لاکھوں روپے لوٹ کر فرار ہو گئے۔

پاکستان کا شنگھائی تعاون تنظیم کے علاقائی انسداد دہشت گردی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے شنگھائی تعاون تنظیم کے علاقائی انسداد دہشت گردی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے اور پاکستان نے علاقائی انسداد دہشت گردی ڈھانچے کی چیئرمین شپ کے دوران اپنی ذمہ داریاں کامیابی سے مکمل کر لی ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان کے مطابق پاکستان کی شنگھائی تعاون تنظیم کے علاقائی انسداد دہشت گردی ڈھانچے کے چھیالیسویں اجلاس کی اسلام آباد میں کامیاب میزبانی کی گئی۔

دہشتگرد عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں امن دشمنوں کے عزائم ناکام بنانے کیلئے ناگزیر ہیں کارروائیوں میں کسی قسم کی نرمی نہیں برتی جائے گی، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی

ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے والوں کے خلاف کارروائی جاری رہے گی

وزیراعلیٰ بلوچستان

فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 6 دہشتگردوں کا خاتمہ اور 5 دہشتگردوں کی گرفتاری قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مؤثر حکمت عملی اور پیشہ ورانہ صلاحیت کا ثبوت ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پشین اور قلعہ عبداللہ کے مختلف علاقوں میں بلوچستان پولیس، کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مشترکہ کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگرد عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں امن دشمنوں کے عزائم ناکام بنانے کے لیے ناگزیر ہیں ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر پشین کے کلی سلطان، اڈزرم، دیدار اور گیلو سمیت مختلف علاقوں میں کی جانے والی کارروائیوں کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 6 دہشتگردوں کا خاتمہ اور 5 دہشتگردوں کی گرفتاری قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مؤثر حکمت عملی اور پیشہ ورانہ صلاحیت کا ثبوت ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشتگردوں (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

وزیراعظم نے برآمدی صنعتوں کیلئے جدید ٹیکنالوجی، تحقیق اور جدت کو فروغ دینے کی ہدایت



اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے برآمدی صنعتوں کے لیے جدید ٹیکنالوجی، تحقیق اور جدت کو فروغ دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملکی معیشت کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ڈسپلا (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

آخری دہشتگرد کے خاتمے تک دہشتگردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی، شاہد رند

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے پشین اور قلعہ عبداللہ کے مختلف علاقوں میں بلوچستان پولیس، کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مشترکہ کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگر (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

عوامی سطح پر روابط کا فروغ اور اقتصادی تعاون کو مزید وسیع کرنا ضروری ہے، صدر زرداری

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کے درمیان سٹریٹجک باہمی اعتماد برقرار رکھنے اور مزید مضبوط بنانے کے لیے اعلیٰ سطحی تبادلوں کا تسلسل، عوامی سطح پر روابط کا فروغ اور اقتصادی تعاون کو مزید وسیع کرنا ضروری ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

اسلام آباد، خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

سیکورٹی فورسز کے عملے نے آپریشن ردالفتنہ تھری کے دوران مستونگ میں کالعدم تنظیم کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 7 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، سیکورٹی حکام

آپریشن ردالفتنہ تھری کے تحت سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردوں کے خلاف برسرپیکار ہو کر وطن عزیز کی حفاظت کیلئے ہر محاذ پر مضبوطی سے کھڑے ہیں

بلوچستان کے مختلف علاقوں میں آپریشن، 13 دہشتگرد ہلاک، 5 گرفتار

بلوچستان پولیس، کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے پشین اور قلعہ عبداللہ کے مختلف علاقوں میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب مشترکہ آپریشن کیا

راولپنڈی / کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) سیکورٹی فورسز کے عملے نے آپریشن ردالفتنہ تھری کے دوران مستونگ میں کالعدم تنظیم کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 7 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا سیکورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز مستونگ کے علاقے میں سیکورٹی فورسز کے عملے نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران ڈرون کی مدد سے فتنہ الہندوستان کالعدم بی ایل اے دہشتگردوں کی نقل و حرکت کا سراغ لگا کر ڈرون کی مدد سے گاڑی کو نشانہ بنا کر تباہ کر دیا کارروائی (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

پاک بھارت تنازع، پاکستان کا بھارتی دعوؤں پر دوٹوک جواب

بھارتی ''سرحد پار دہشت گردی'' کے الزامات بے بنیاد قرار دے دیا

جنیوا (آن لائن) پاکستان نے بھارت کے سرحد پار دہشت گردی سے متعلق الزامات کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے بین الاقوامی قانون اور دوطرفہ معاہدوں کی پاسداری پر زور دیا ہے۔ پاکستان کی جانب سے جواب کا حق استعمال کرتے ہوئے فرسٹ سیکرٹری عدیل ممتاز کھوکھر نے کہا کہ بھارت کے سرحد پار دہشت گردی کے دعوے حقائق کے منافی ہیں۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کی زیر صدارت اجلاس

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کے اجلاس میں سینیٹری ورکر ذیشان کو مبینہ طور پر طے شدہ تنخواہ سے نصف سے بھی کم ادائیگی اور بعد ازاں خودکشی کے معاملے سمیت بچوں سے زیادتی کے (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

وزیراعظم سے چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک کی ملاقات

بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں فوری اور ہر ممکن امداد کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک نے ملاقات کی، جس میں حالیہ مون سون سیزن کے دوران شدید بارشوں اور ممکنہ سیلابی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کے لیے کیے گئے پیشگی انتظامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ملاقات کے دوران چیئرمین این ڈی ایم اے نے (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

پمز نرسری سانحہ 14 نومولود بچوں کی ہلاکت انکوائری رپورٹ میں انتظامی و ادارہ جاتی ناکامیوں کا انکشاف

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر 26 اگست 2026 کو پمز کی ایم سی ایچ نرسری میں ہونے والی آتشزدگی کی مکمل انکوائری رپورٹ جاری کر دی گئی۔ رپورٹ کے مطابق نرسری میں زیر علاج 15 نومولود بچوں میں سے 14 جاں بحق ہوئے جبکہ ایک بچے کو محفوظ بچا لیا گیا

لبنانی وزیر داخلہ احمد الحجار کی فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات

سیکیورٹی اداروں کے درمیان تعاون اور ادارہ جاتی روابط مضبوط بنانے پر زور

جنگ میں پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور قربانیوں کا اعتراف کیا

راولپنڈی (آن لائن) لبنانی وزیر داخلہ احمد الحجار کی جی ایچ کیو راولپنڈی آمد، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال، سیکیورٹی اداروں کے درمیان تعاون اور ادارہ جاتی روابط مضبوط بنانے پر زور دیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق لبنان کے وزیر داخلہ احمد الحجار نے پاکستان کے دورہ (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

کوئٹہ: ایک شخص سڑک کے کنارے دکان سے کپڑے خرید رہا ہے

1200 میگاواٹ چشمہ-5 منصوبہ 2028 میں بجلی کی پیداوار شروع کریگا ری ایکٹر عمارت کے گنبد کی تنصیب مقررہ وقت سے پہلے مکمل

پاکستان اور عالمی جوہری توانائی ایجنسی کے درمیان چشمہ-5 کے حفاظتی معاہدے پر دستخط

حفاظتی معاہدہ پاکستان کے پرامن جوہری پروگرام اور عالمی سطح پر جوہری عدم پھیلاؤ سے متعلق ذمہ داریوں پر اعتماد کا اظہار ہے، پاکستان اٹامک انرجی

قومی بجلی کے نظام میں سستی، کم کاربن اور پائیدار بجلی شامل ہوگی مجموعی طور پر 3530 میگاواٹ صلاحیت کے چھ جوہری بجلی گھروں کو کامیابی سے چلا رہا ہے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور عالمی جوہری توانائی ایجنسی کے درمیان چشمہ-5 جوہری بجلی گھر کے حفاظتی معاہدے پر دستخط ہو گئے۔ معاہدے پر چیئرمین پاکستان اٹامک انرجی کمیشن ڈاکٹر راجہ علی رضا انور اور عالمی جوہری توانائی ایجنسی کے ڈائریکٹر جنرل رافیل ماریانو گروسی نے دستخط کیے۔ معاہدے کی تقریب میں چین کی اٹامک انرجی اتھارٹی کے چیئرمین شان ژونگ ڈے نے بھی شرکت کی۔ عالمی جوہری توانائی ایجنسی کے بورڈ آف گورنرز نے مارچ 2026 میں چشمہ-5 کے حفاظتی معاہدے کی متفقہ طور پر منظوری دی تھی۔ پاکستان اٹامک (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف ملک کی برآمدات میں بہتری سے متعلق ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کوئٹہ محمد انور کاکڑ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف لیجسلیٹو ڈویلپمنٹ اینڈ ٹرانسپرنسی کے وفد کو ضلعی انتظامیہ کی مجموعی خدمات کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

افغان شہریوں کے ساتھ انسانی وقار، انصاف اور قانون کے مطابق سلوک لازم ہے، جسٹس عامر نواز رانا

افغان طلبہ کی میڈیکل تعلیم سے متعلق آئینی درخواست بلوچستان ہائیکورٹ میں خارج

غیر ملکی شہری پاکستان میں قیام، تعلیم یا تربیت کا ایسا مستقل حق نہیں رکھتے جو ریاستی پالیسی کے خلاف ہو، ریمارکس

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائیکورٹ کے جسٹس محمد عامر نواز رانا اور جسٹس عبدالقیوم لہڑی پر مشتمل بنچ نے افغان شہریوں کے پاکستان میں میڈیکل و ڈینٹل تعلیم اور پوسٹ گریجویٹ ٹریننگ جاری رکھنے سے متعلق آئینی درخواست خارج کر دی۔ عدالت نے قرار دیا کہ غیر ملکی شہری پاکستان میں قیام، تعلیم یا تربیت کا ایسا مستقل حق نہیں رکھتے جو ریاستی پالیسی کے خلاف ہو۔ عدالت نے پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کی جانب سے افغان شہریوں کی میڈیکل اداروں میں داخلے، منتقلی اور سہولت کاری سے متعلق جاری ہدایات میں مداخلت سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ امیگریشن، غیر ملکی شہریوں کی واپسی اور قومی سلامتی سے متعلق معاملات بنیادی طور پر انتظامیہ کے دائرہ اختیار میں ہیں۔ عدالت نے واضح کیا کہ افغان شہریوں کے ساتھ انسانی وقار، انصاف اور قانون کے مطابق سلوک لازم ہے، تاہم اس بنیاد پر پاکستان میں قیام یا تعلیم جاری رکھنے کا مستقل حق پیدا نہیں ہوتا۔ عدالت نے درخواست کو ابتدائی مرحلے پر خارج کرتے ہوئے متاثرہ افراد کو اپنی شکایات کے ازالے کے لیے (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

ریٹائر اساتذہ کی تعلیمی و تربیتی خدمات ناقابل فراموش ہیں، جی ٹی اے لسبیلہ

جی ٹی اے لسبیلہ کا ریٹائر ہونے والے اساتذہ کے اعزاز میں پروقار تقریب کا انعقاد

اوتھل (آن لائن) گورنمنٹ ٹیچر ایسوسی ایشن لسبیلہ کی جانب سے ریٹائر ہونے والے اساتذہ کے اعزاز میں الوداعی پروقار تقریب گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول اوتھل میں منعقد ہوئی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا، جبکہ طلبہ نے نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی۔ تقریب میں ریٹائر اساتذہ کے اعزاز میں پرتکلف ظہرانے کا بھی اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں جی ٹی اے لسبیلہ وحب کے عہدیداران، ریٹائر اساتذہ اور حاضر سروس اساتذہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے دوران ریٹائر ہونے والے اساتذہ کی طویل عرصہ تک تعلیمی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انہیں روایتی اجرکیں پہنائی گئیں، جبکہ مہمانان گرامی کو پھولوں کی (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

چاروں صوبوں میں سیلاب کا خطرہ، این ڈی ایم اے کا الرٹ

17 ستمبر تک بارشوں کے باعث دریاؤں اور ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ

لاہور (آن لائن) ملک میں متوقع بارشوں کے باعث دریاؤں اور ندی نالوں میں طغیانی کے خدشے کے پیش نظر نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے مختلف علاقوں میں سیلاب کا الرٹ جاری کر دیا۔ این ڈی ایم اے کے مطابق 17 ستمبر 2026 تک گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا، پنجاب اور بلوچستان کے بعض علاقوں میں سیلابی صورتحال پیدا ہونے کا خطرہ ہے۔ این ڈی ایم اے کے مطابق بالائی علاقوں میں متوقع بارشوں سے دریاؤں اور ندی نالوں کے بہاؤ میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

ڈی جی فشریز عتیق اللہ خان کا گوادر فشریز آفس کا دورہ

شفافیت، میرٹ اور مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق انجام دیے جائیں

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل فشریز بلوچستان عتیق اللہ خان نے گوادر فشریز آفس کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کرتے ہوئے لائسنس برانچ، اکاؤنٹس برانچ اور دیگر دفتری امور و انتظامی معاملات کا جائزہ لیا ڈائریکٹر جنرل فشریز نے افسران و اہلکاروں کو ہدایت کی کہ دفتری امور شفافیت، میرٹ اور مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق انجام دیے جائیں، لائسنس کے اجراء و رجسٹریشن کے عمل میں قانونی تقاضوں کو ملحوظ رکھا جائے اور ماہی گیروں کو بروقت سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے انہوں نے دفتر کی مجموعی کارکردگی پر (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

حب میں پانی بحران کے سنگین مسئلے کا کمشنر لسبیلہ کا نوٹس

پروجیکٹ ڈائریکٹر حب ڈیم واپڈا ہمیں صرف 105 کیوسک پانی دے رہا ہے

حب (خ ن) ضلع حب میں پانی بحران کے سنگین مسئلے کا کمشنر لسبیلہ ڈویژن سارہ وطانے نوٹس لیتے ہوئے ایریگیشن حکام کو احکامات جاری کی ہیں کہ حب شہر کو حب ڈیم سے اس کے حصہ کا واٹر شیئر دلانے کے لیے سیکرٹری ایریگیشن کو لیٹر لکھا جائے کمشنر نے ایم ڈی لیڈا کے آفس میں ہنگامی میٹنگ کرتے ہوئے ایریگیشن حب کے ذمہ دار افسران، اسسٹنٹ کمشنر حب اور ایم ڈی لیڈا سے میٹنگ کی اور احکامات جاری کیں کہ حب ڈیم سے کیپٹال تک انڈسٹریل زون، حب شہر اور زرعی ایریاز کو 24 گھنٹے پانی کی فراہمی کے لیے جوائنٹ کمیٹی کی میٹنگ طلب کی جائے (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

URAAN PAKISTAN

مشرق وسطیٰ میں جنگ کے باعث پٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کا بوجھ کم کرنے کے لئے

مہنگے پٹرول سے نجات کا تاریخی اقدام

وزیر اعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم

پٹرول 100 روپے فی لیٹر سستا

موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ اور تین پہیوں والی سواریاں چلانے والے اور 800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان

ون ٹائم رجسٹریشن کے لئے اپنے شناختی کارڈ پر رجسٹرڈ موبائل نمبر سے

REG لکھ کر space دیں

STEP-1 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر
3740515196983 لکھنے کے بعد space دیں

STEP-2 بغیر space کے نمبر پلیٹ
LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں

STEP-3 صوبے کے نام کا پہلا حرف جہاں آپ کی گاڑی رجسٹرڈ ہے
صوبے کا نام پنجاب P کے بعد space دیں

STEP-4 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ بمعہ مہینہ اور سال DD/MM/YYYY
دن، مہینہ اور سال ایسے لکھیں 08102010

چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر ایس ایم ایس کریں

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار:

STEP-1 رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں

STEP-2 موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہو گی

STEP-3 ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں۔

صوبے کے نام کا پہلا حرف

I اسلام آباد | A آزاد جموں و کشمیر | G گلگت بلتستان
S سندھ | P پنجاب | K خیبر پختونخوا | B بلوچستان

اسلام آباد میں پٹرول پر ریلیف کا آغاز ہو چکا ہے

ملک بھر بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں آج شب 12 بجے سے پٹرول پر ریلیف حاصل کیا جا سکے گا۔

مزید معلومات کے لیے www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں یا QR اسکین کریں

وزارت اطلاعات و نشریات
حکومت پاکستان
/GovtofPakistan www.moib.gov.pk

PID (I) 2536-D/26

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیرِ وطن
TAMEER-E-WATAN

ایمرجنسی سروس جدید بنانے کا فیصلہ

بلوچستان میں ایمرجنسی سروس جدید بنانے کا فیصلہ کرتے ہوئے نظام میں 9 نئی ایمبولینسز شامل کردی گئی ہیں۔صوبائی حکومت نے بلوچستان میں ایمرجنسی ایمبولینس سروسز کو جدید بنانے کیلئے اہم اقدامات کرتے ہوئے کوئٹہ میں میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس سینٹر 1122 کی استعدادِ کار بڑھانے کیلئے جدید سہولیات سے لیس 9 نئی ایمبولینسز شامل کر دی ہیں۔جدید سہولیات سے لیس ایمبولینسز حادثات، قدرتی آفات اور دیگر ہنگامی حالات میں عوام کو فوری اور بروقت طبی امداد فراہم کرنے کیلئے استعمال کی جائیں گی۔صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ ایمرجنسی ریسپانس سافٹ ویئر کے ذریعے بلوچستان بھر کی ایمبولینسز کی مؤثر ڈیجیٹل ٹریکنگ ممکن ہوگی۔انہوں نے کہا کہ حادثات کی صورت میں متاثرین کو فوری طبی امداد فراہم کرنے اور انہیں صحت کی سہولیات تک منتقل کرنے کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کی تمام ایمبولینسز کو جلد میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس سینٹر 1122 کے کنٹرول اینڈ کمانڈ سسٹم سے منسلک کردیا جائے گا۔جدید ایمبولینس سسٹم کے ذریعے صوبے کے دور دراز علاقوں میں بھی ہنگامی طبی امداد کی بروقت فراہمی ممکن ہوگی۔بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ جدید ڈیجیٹل نظام سے ایمبولینس سروسز کی مانیٹرنگ اور شفافیت میں بہتری کے ساتھ رسپانس ٹائم بھی مزید بہتر ہوگا۔میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس سینٹر 1122 میں نئی ایمبولینسز کی شمولیت کو صوبے کے شعبہ صحت میں اہم پیشرفت قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ 01

سے اسلحہ اور دیگر متعلقہ مواد کی برآمدگی اہم پیش رفت ہے، جبکہ گرفتار عناصر سے تفتیش کے ذریعے دہشتگرد نیٹ ورکس، ان کے سہولت کاروں اور مستقبل کے منصوبوں سے متعلق مزید اہم معلومات سامنے آنے کی توقع ہے۔وزیراعلیٰ نے کارروائی میں حصہ لینے والے بلوچستان پولیس، سی ٹی ڈی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران و اہلکاروں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں امن کے قیام کے لیے ہمارے جوان جانفشانی اور عزم کے ساتھ فرائض انجام دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ کسی ایک ادارے کی ذمہ داری نہیں بلکہ ریاستی اداروں کے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی سے ہی دہشتگرد نیٹ ورکس کا مکمل خاتمہ ممکن ہے۔بلوچستان حکومت قانون نافذ کرنے والے اداروں کی صلاحیتوں میں اضافے اور انہیں درکار معاونت کی فراہمی کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔وزیراعلیٰ بلوچستان نے واضح کیا کہ فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج سے وابستہ دہشتگردوں، ان کے سہولت کاروں اور معاون نیٹ ورکس کے خلاف کارروائیوں میں کسی قسم کی نرمی نہیں برتی جائے گی۔ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی جاری رہے گی۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے جان و مال اور امن و سکون کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے، اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ 02

منگل کو ایوانِ صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے ان خیالات کا اظہار چین کے لیے پاکستان کے نامزد سفیر ڈاکٹر سید علی اسد گیلانی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے ایوانِ صدر میں ان سے ملاقات کی۔اس موقع پر

دوبارہ نرسری میں داخل ہونے کی کوشش بھی کی۔ڈاکٹر محمد عبدالرحمان بھی واقعے کے وقت موقع پر موجود تھے۔سی سی ٹی وی ریکارڈ کے مطابق تقریباً 6 بج کر 38 منٹ 15 سیکنڈ پر آگ واضح طور پر بھڑک چکی تھی، جبکہ تقریباً ایک منٹ بعد گہرے دھوئیں نے کیمروں کی منظر کشی کو تقریباً مکمل طور پر متاثر کر دیا۔کمیٹی نے قرار دیا کہ دستیاب شواہد اس تاثر کی تردید کرتے ہیں کہ فرنٹ لائن عملے نے نومولود بچوں کو بے یار و مددگار چھوڑ دیا۔رپورٹ کے مطابق نرسری میں 10 بستروں کی گنجائش کے مقابلے میں 15 انتہائی نازک نومولود بچے زیرِ علاج تھے، جن میں متعدد آکسیجن یا سانس کی معاونت پر انحصار کر رہے تھے۔ایسے حالات میں بچوں کو فوری طور پر محفوظ مقام پر منتقل کرنا انتہائی مشکل تھا۔اس وقت صرف دو ڈاکٹر اور دو نرسیں موجود تھیں جبکہ محفوظ انخلا کے وسائل بھی محدود تھے۔تحقیقاتی کمیٹی نے نشاندہی کی کہ نومولود بچوں کے انخلا کے لیے باقاعدہ منظور شدہ، تربیت یافتہ عملے کے ذریعے مشق شدہ طریقہ کار کا کوئی ریکارڈ نہیں ملا۔متاثرہ حصے میں خودکار دھوئیں کا سراغ لگانے، الارم اور پانی کے ذریعے آگ بجھانے کے خودکار نظام کی موجودگی بھی ثابت نہیں ہوئی۔آتش گیر مواد اور آکسیجن کے ماحول نے آگ اور دھوئیں کی شدت میں مزید اضافہ کیا۔رپورٹ میں ہنگامی ردعمل کے حوالے سے بھی اہم سوالات اٹھائے گئے ہیں۔بیرونی امداد کے لیے اطلاع تقریباً 6 بج کر 54 منٹ پر دی گئی، جبکہ روانگی 6 بج کر 55 منٹ اور عملی آمد 7 بج کر ایک منٹ پر ریکارڈ ہوئی۔کمیٹی نے آگ کے واضح طور پر سامنے آنے اور بیرونی امداد کے فعال ہونے کے درمیان موجود وقفے کو ناقابل قبول قرار دیا۔تحقیقاتی کمیٹی کے مطابق پچھلی جانب سے ایسا مؤثر ہنگامی کمانڈ نظام بھی ثابت نہیں کیا جا سکا جو آگ کی اطلاع ملتے ہی فوری طور پر الارم، بیرونی اطلاع، انخلا، خطرے پر قابو پانے، رسائی کے انتظام اور امدادی کارروائیوں کو مربوط انداز میں فعال کر سکتا۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پچھ

مطلوبہ وسائل، عبوری حفاظتی اقدام اور آزادانہ تصدیق کا واضح طریقہ کار ہونا چاہیے۔کمیٹی کے مطابق محض کسی حفاظتی اقدام کی منظوری یا اس پر کام شروع ہو جانا اس کے مؤثر نفاذ کا ثبوت نہیں، بلکہ حفاظتی اقدام اسی وقت نافذ تصور ہوگا جب خطرہ عملی طور پر ختم ہو اور اس کی آزادانہ تصدیق بھی کی جائے۔تحقیقاتی کمیٹی نے مجموعی طور پر 52 نکاتی تحقیقی فریم ورک کے تحت شواہد کا جائزہ لیا، جس میں فرانزک مواد، سی سی ٹی وی ریکارڈ، کال ریکارڈ، انجینئرنگ و میکینکس دستاویزات، طبی و حادثاتی ریکارڈ، ڈیوٹی و حاضری ریکارڈ، گواہوں کے بیانات، متعلقہ ضابطہ جاتی ریکارڈ اور سابقہ تحقیقات شامل تھیں۔وزیراعظم نے سانحے کے بعد 26 اگست کو انکوائری کمیٹی قائم کی تھی، جس کے چیئرمین سابق وفاقی سیکریٹری شاہد خان تھے جبکہ میجر جنرل ریٹائرڈ ڈاکٹر خورشید، بیرسٹر نبیل احمد اعوان، سیکریٹری اسٹیبلشمنٹ اور ڈپٹی کمشنر اسلام آباد اس کے ارکان تھے۔ماہر رکن ڈاکٹر رشید اے چغتائی کو بھی امریکہ سے کمیٹی میں شامل کیا گیا۔کمیٹی نے 28 اگست کو عبوری رپورٹ پیش کی، جبکہ رپورٹ کا ابتدائی مسودہ 3 ستمبر، پہلا مسودہ 4 ستمبر اور حتمی مسودہ 6 ستمبر کو تیار کیا گیا۔کمیٹی نے تمام ارکان کی آراء اور تجاویز کو حتمی رپورٹ کا حصہ بنایا۔رپورٹ میں قرار دیا گیا کہ 14 نومولود بچوں کی ہلاکت صرف ایک حفاظتی انتظام کی ناکامی کا نتیجہ نہیں تھی بلکہ متعدد حفاظتی اقدامات کے موجود نہ

کی بنیاد پر کارروائیاں پورے عزم اور استقامت کے ساتھ جاری رہیں گی۔انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے فتنہ الہند اور فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہیں، جبکہ بلوچستان کے عوام کی جان، مال، امن و سلامتی کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔

بقیہ 06

دورے کے دوران جی ایچ کیو راولپنڈی میں آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ملاقات کے دوران دونوں شخصیات نے باہمی دلچسپی کے امور، خطے کی بدلتی ہوئی سیکیورٹی صورتحال اور سیکیورٹی کے شعبے میں دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ملاقات میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ دونوں ممالک کے سیکیورٹی اداروں کے درمیان ادارہ جاتی روابط کو مضبوط بنایا جائے اور باہمی تعاون کو مزید بڑھایا جائے۔آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز نے لبنان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مستحکم کرنے کے لئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کی خواہش کا اظہار کیا۔لبنانی وزیر نے علاقائی امن و استحکام کے لیے پاکستان کی کاوشوں کو سراہا اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ

بقیہ 01

کسی صورت قابل قبول نہیں بدقسمتی سے ملک میں جمہوریت، آئین اور پارلیمنٹ عملاً یرغمال بن چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے ووٹ اور مینڈیٹ کی توہین آئینی حدود سے تجاوز اور پارلیمنٹ کو بے اختیار بنانے کے مسلسل رجحان نے ملک کے جمہوری نظام کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ ریاستی معاملات آئین و قانون کے مطابق چلانے کے بجائے غیر جمہوری طرز عمل کو فروغ دینا ملک کے مستقبل اور قومی وحدت کے لیے زہر قاتل ہے۔ رہنماں نے کہا کہ جمہوریت محض انتخابات کے انعقاد کا نام نہیں بلکہ عوام کے حق حکمرانی اور پارلیمنٹ کی بالادستی کا نام ہے جب عوام کے ووٹ کی حیثیت کمزور پارلیمنٹ بے اختیار اور آئینی حدود پامال ہوں تو جمہوری نظام محض ایک رسمی ڈھانچے تک محدود ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقتدر قوتوں کی بالادستی، سیاسی معاملات میں غیر ضروری مداخلت اور انانیت پر مبنی طرز حکمرانی کے باعث ملک اندرونی و بیرونی سطح پر تنہائی کا شکار ہوتا جا رہا ہے جس کے منفی اثرات قومی سیاست معیشت اور ریاستی استحکام پر مرتب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ربڑاسٹیمپ پارلیمنٹ اور عوامی مینڈیٹ سے بے اعتنائی نے ملک کو سیاسی و آئینی بحرانوں کی دلدل میں دھکیل دیا ہے۔ موجودہ حالات کا تقاضا ہے کہ تمام ریاستی ادارے اپنی آئینی حدود میں رہتے ہوئے کام کریں پارلیمنٹ کے وقار اور اختیار کو بحال کیا جائے اور عوام کے حقیقی مینڈیٹ کا احترام یقینی بنایا جائے انہوں نے واضح کیا کہ ملک کو سیاسی بے یقینی اور ادارہ جاتی کشکش اور بڑھتے ہوئے بحرانوں سے نکالنے کا واحد راستہ آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری، قانون کی حکمرانی، اداروں کے آئینی دائرہ کار کا احترام اور عوام کے حق حکمرانی کو تسلیم کرنا ہےں

بقیہ 02

عملے کے ہمراہ رکنی کے مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی شکار کے لیے نصب درجنوں جال اکھاڑ دیے۔ کارروائی کے دوران شکار میں استعمال ہونے والے جال اور دیگر آلات قبضے میں لے کر تلف کر دیے گئے۔ اس موقع پر ایس ڈی پی او عبدالجبار مینگل نے کہا کہ جنگلی حیات کا غیر قانونی شکار کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ کونج، تیتر سمیت دیگر جنگلی پرندوں کے تحفظ کے لیے قانون کے مطابق کارروائیاں مزید موثر بنائی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ جنگلی حیات اور قدرتی ماحول کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اس حوالے سے خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ مشترکہ کارروائی کو شہریوں اور ماحول دوست حلقوں کی جانب سے سراہا گیا ہے۔

بقیہ 03

منا کرنے کا حوصلہ دیتی ہے، کھیلوں کے ذریعے معذور افراد کو معاشرے کا ایک اہم اور فعال حصہ بننے کا موقع ملتا ہے، یہ عمل معاشرے میں موجود اس سوچ کو ختم کرتا ہے کہ معذور افراد دوسروں پر بوجھ ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تائیکوانڈو کھیل کے سابق پلیئر سید علی عمران نے کہا کہ گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن پاکستان معذور کھلاڑیوں (پیرا ایتھلیٹس) کو کھیل کی تمام سہولیات فراہم کر کے صحت مندانہ سرگرمیوں میں شرکت کے قابل بنائے گی، معذور تائیکوانڈو پلیئرز کو کھیل کی تمام سہولیات فراہم کر کے گرم کریں گے، پیرا اسپورٹس کی تربیت رکھنے والے ماہر کوچز، فزیوتھراپسٹ اور اسپورٹس سائیکالوجسٹس کی مدد سے ان پیرا ایتھلیٹس کی صلاحیتوں کو پروان چڑھایا جائے گا، ابتدائی سطح سے استعداد ابھارنے کیلئے سکولوں اور اضلاع کی سطح پر پیرا اسپورٹس ٹیلنٹ ہنٹ پروگرامز شروع کریں گے، ان اقدامات کی بدولت معذور افراد نہ صرف بین الاقوامی سطح پر ملک کا نام روشن کر سکتے ہیں بلکہ معاشرے میں ایک خودمختار اور فعال زندگی بھی گزار سکتے ہیں۔ گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن پاکستان کے سیکرٹری جنرل سید علی عمران نے کہا کہ جب ایک معذور کھلاڑی کھیل کے میدان میں کامیابی حاصل کرتا ہے تو وہ لاکھوں ایسے دوسرے افراد کیلئے امید کی کرن بن جاتا ہے جو زندگی میں مایوسی کا شکار ہوتے ہیں، معذور کھلاڑیوں کی کھیل کے میدان میں حوصلہ افزائی نہ صرف ان کی ذاتی زندگی میں مثبت انقلاب لاتی ہے بلکہ پورے معاشرے میں مساوات اور شمولیت کا ماحول قائم کرتی ہے۔ جب خصوصی صلاحیتوں کے حامل ان کھلاڑیوں کو مساوی مواقع اور پذیرائی ملتی ہے تو وہ اپنی معذوری کو مجبوری کے بجائے طاقت میں بدل دیتے ہیں، کھیل کا میدان معذور افراد کو یہ احساس دلاتا ہے کہ وہ معاشرے کا ایک فعال اور کارآمد حصہ ہیں، مناسب حوصلہ افزائی سے ان کی خوداعتمادی میں اضافہ ہوتا ہے اور وہ زندگی کی دیگر رکاوٹوں کا مقابلہ بھی ہمت سے کرتے ہیں، جب معذور کھلاڑیوں کی کامیابیوں کو سراہا جاتا ہے تو عوام کا رویہ محض ''ہمدردی'' کے بجائے ''احترام اور تحسین'' میں بدل جاتا ہے۔ سید علی عمران نے کہا کہ معذور بچوں کو کھیل کے میدان میں لانا ان کی جسمانی، ذہنی اور سماجی نشوونما کیلئے بہت ہی ضروری ہے، کھیلوں کی سرگرمیاں ان بچوں میں خوداعتمادی پیدا کرنے اور انہیں معاشرے کا ایک فعال فرد بنانے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں، کھیل کے ذریعے معذور بچوں میں ذہنی تناؤ کم اور مثبت سوچ پیدا ہوتی ہے، میدان میں شرکت سے معذور بچوں میں تنہائی کا احساس ختم ہوتا ہے اور وہ خود کو معاشرے کے دیگر افراد کے برابر سمجھتے ہیں۔

بقیہ 04

ہے، جمہوری نظام میں اختلاف رائے کا احترام اور سیاسی مکالمہ بنیادی اہمیت رکھتے ہیں، جمہوریت کا اصل مقصد عوام کو بااختیار بنانا اور ان کے مسائل کا آئینی طریقے سے حل یقینی بنانا ہے، سیاسی جماعتوں کو ذاتی اختلافات سے بالاتر ہو کر ملک کی ترقی اور پارلیمنٹ کی بالادستی کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ عالمی یوم جمہوریت کے موقع پر مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ جمہوریت عوام کی رائے، بنیادی حقوق اور مساوی مواقع کے احترام کا نام ہے جمہوری معاشرے کی مضبوطی کے لیے آئین، قانون اور اداروں کا احترام ناگزیر ہے، جمہوریت کی اصل طاقت عوام کی شمولیت اور ان کے اعتماد میں ہے ہر شہری کو اپنی رائے کے اظہار اور قومی معاملات میں بھرپور حصہ لینے کا حق حاصل ہے اختلاف رائے کا احترام اور مکالمے کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کرنا جمہوریت کی بنیادی روح ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی و خوشحالی کے لیے جمہوری اداروں کو مضبوط بنانا، آئین کی بالادستی یقینی بنانا اور عوامی حقوق کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے سیاسی جماعتوں کو بھی چاہیے کہ وہ ذاتی اختلافات سے بالاتر ہو کر ملک کی ترقی و خوشحالی اور عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے حکومت کا ساتھ دیں۔

بقیہ 05

ایونٹ میں رنراپ پوزیشن حاصل کرتے ہوئے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا یونیورسٹی آف گوادر کی ٹیم نے افتتاحی میچ میں ڈگری کالج کو 1-0 جبکہ سیمی فائنل میں گورنمنٹ گرلز اسکول ملا بند کو 2-0 سے شکست دے کر فائنل تک رسائی حاصل کی۔ فائنل میں دارالعلوم پبلک اسکول کے ہاتھوں 4-1 سے شکست کے باوجود ٹیم نے بہترین کھیل اور اسپورٹس مین شپ کا مظاہرہ کیا۔ شرین عبدالوہاب نے دو جبکہ کائنات شاہد رضا نے ایک گول اسکور کیا، جبکہ فضا محمد ایوب کو بہترین گول کیپر قرار دیا گیا یونیورسٹی کی ٹیم نے رنراپ کپ اور ایمرجنگ ٹیم فئیرپلے شیلڈ بھی حاصل کی۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر، پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد اور رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان نے ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کھلاڑیوں کی محنت، نظم وضبط اور کھیلوں کے جذبے کو سراہا۔

بقیہ 06

الغرض کسی محکمے میں بھرتیاں آتی بھی ہیں تو بھی کورٹ کا اسٹے آرڈرز اور بھی دیگر تکنیکی بہانوں کی بنیاد پر پورا عمل ہی منسوخ کر دیا جاتا ہے۔ حالیہ دنوں میں محکمہ جنگلات کے آرڈر جاری کیے گئے تھے، لیکن پوری بلوچستان سطح پر انہیں منسوخ کر دیا گیا۔ اس فیصلے نے سینکڑوں بے روزگار نوجوانوں کو شدید مایوسی اور مالی نقصان میں مبتلا کر دیا ہے۔ نوجوانوں نے انٹرویوز، دستاویزات کی تصدیق اور سفر پر بھاری رقم خرچ کی جو کہ بالکل ضائع ہو گئی۔ اگر چند مخصوص اضلاع یا علاقوں میں کوئی شفافیت کا مسئلہ تھا، تو صرف وہیں کے آرڈرز روکے جاتے! پورے صوبے کے نوجوانوں کو سزا دینا سراسر ناانصافی ہے۔ اس طرح تو آئندہ ہر علاقے کا ایم پی اے اپنے پسندیدہ افراد کو ملازمت نہ ملنے پر پوری بھرتی منسوخ کروانے کی روایت ڈالے گا۔ شفاف اضلاع کے آرڈرز بحال کیے جائیں: جن اضلاع میں بھرتی کا عمل بغیر کسی تنازع کے مکمل ہوا ہے، ان کے آرڈرز فوری بحال کیے جائیں۔ صرف متنازع علاقوں کی حد تک انکوائری کی جائے اور حق دار نوجوانوں کا حق نہ مارا جائے۔ حکومت ایک واضح اور مستحکم لائحہ عمل بنائے تاکہ سیاسی مداخلت کی وجہ سے روزگار دینے کے بعد واپس نہ چھینا جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان سے پرزور اپیل ہے کہ وہ اس سنگین معاملے کا فوری نوٹس لیں، بے روزگار نوجوانوں کے مستقبل پر رحم کریں اور محکمہ جنگلات کے منسوخ شدہ آرڈرز کو میرٹ کی بنیاد پر بحال کریں

بقیہ 07

چیئرمین اکرم شہزادہ نے فیتہ کاٹ کر آفس کا افتتاح کیا۔ تقریب میں سیاسی، سماجی و انتظامی شخصیات، بلدیاتی نمائندوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی عوامی حلقوں نے اے سی آفس کے قیام اور پہلے اسسٹنٹ کمشنر کی تعیناتی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے جیوانی کے عوام کو سرکاری و انتظامی سہولیات ان کی دہلیز پر میسر آئیں گی، عوامی شکایات کے ازالے اور روزمرہ انتظامی امور کی مؤثر نگرانی میں بہتری آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام جیوانی میں بہتر طرز حکمرانی اور عوامی خدمت کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ 08

ے گا۔ یہ ادارہ نوجوان نسل کی علمی، تحقیقی اور تعلیمی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اسلامیہ یونیورسٹی کے لیے مالی معاونت کا اعلان ان کی تعلیم دوستی اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کے عزم کا مظہر ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یونیورسٹی کے قیام کا منصوبہ جلد عملی شکل اختیار کرے گا اور طلبہ کو معیاری اعلیٰ تعلیم کی سہولیات میسر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ انجمن اسلامیہ آمد کے موقع پر گورنر بلوچستان کی جانب سے کیے گئے اعلانات اسلامیہ کے تعلیمی مستقبل کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوں گے

بقیہ 09

ضلعی انتظامیہ کی جانب سے یہ کارروائی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوراب سلمان علی بلیدی اور اسسٹنٹ کمشنر سوراب شئے اکبر علی بلوچ کی قیادت میں عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کے دوران شہر میں قائم مختلف پٹرول پمپس کا معائنہ کیا گیا اور وہاں پٹرولیم مصنوعات کی فروخت سے متعلق اجازت ناموں، لائسنسز اور دیگر ضروری قانونی دستاویزات کی جانچ پڑتال کی گئی، انتظامی ٹیم نے پٹرول پمپس پر موجود ریکارڈ اور قانونی حیثیت کا تفصیلی جائزہ لیا، جبکہ ضابطوں اور مقررہ شرائط کی خلاف ورزی کرنے والے مراکز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انہیں بند کر دیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق غیر مجاز طریقے سے پٹرولیم مصنوعات کی خرید و فروخت نہ صرف قوانین کی خلاف ورزی ہے بلکہ اس سے شہریوں کی سلامتی اور املاک کو بھی ممکنہ خطرات لاحق ہو سکتے ہیں، ضلعی انتظامیہ نے اس موقع پر واضح کیا کہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والے کسی بھی فرد، کاروباری ادارے یا پٹرول پمپ کو رعایت نہیں دی جائے گی اور غیر قانونی و غیر مجاز پٹرولیم مصنوعات کی فروخت کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ بلاامتیاز جاری رکھا جائے گا

بقیہ 10

گیا۔ اس موقع پر ویکسین کی دستیابی اور محفوظ رکھنے کے انتظامات بھی چیک کیے گئے۔ ضلعی ناظم صحت نے ایم سی ایچ سنٹر رکنی کا بھی دورہ کیا، جہاں اسٹاف کی حاضری اور ڈیوٹی کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ ڈاکٹر محمد حسن ڈوکی نے متعلقہ اسٹاف کو ہدایت کی کہ تمام ریکارڈ باقاعدگی سے اپ ڈیٹ رکھے جائیں، ویکسین کی دستیابی اور کولڈ چین کا مؤثر انتظام یقینی بنایا جائے اور مریضوں کو بروقت بہتر طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ صحت مراکز کی کارکردگی، اسٹاف کی حاضری اور ویکسین کے انتظامات میں بہتری کے ذریعے عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ 11

کے ایڈووکیٹ میر عاقل خان بادینی، بی ٹی اے رہنما ہیرک بلوچ اور دیگر نے کہا کہ ملکی آئین شہریوں کو بنیادی حقوق فراہم کرتا ہے، ان حقوق کا مطالبہ کرنا جرم نہیں، بلکہ شہریوں کے آئینی حقوق سلب کرنا ناقابل قبول ہے۔ رہنماؤں نے دعویٰ کیا کہ نوشکی کے تقریباً 98 فیصد شہریوں کے ساتھ مجرموں جیسا سلوک کیا جا رہا ہے، مختلف راستوں پر رکاوٹیں کھڑی اور سڑکیں کھودی گئی ہیں، جبکہ این-40 سمیت اہم شاہراہوں پر آمدورفت کو مشکل بنا دیا گیا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کلی کوتل اور زرد رو جاہ سے الجہ تک راستوں پر قائم رکاوٹیں فوری ختم کی جائیں، احمدوال، ہنو اور جورکین کے بازار کھولے جائیں، زمینداروں کو کھاد فراہم کی جائے، گیس کی فراہمی بحال اور غیر اعلانیہ بجلی کی لوڈشیڈنگ ختم کی جائے۔ آل پارٹیز رہنماؤں نے ہنو احمدوال اور جورکین کے عوام کی ممکنہ بے دخلی کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا کہ وہاں کے عوام کسی صورت نقل مکانی قبول نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کو وجود میں آئے 74 سال ہوئے ہیں، جبکہ ہم اس سرزمین پر ہزاروں سال سے آباد ہیں، ہم اپنے گھروں اور آبائی علاقوں سے بے دخل نہیں ہوں گے، ہماری قبریں بن سکتی ہیں مگر اپنی سرزمین نہیں چھوڑیں گے۔ رہنماؤں نے کہا کہ این-40 پر غیر ضروری پابندیاں، ناکہ بندی اور سخت چیکنگ نے شہریوں کی آزادانہ نقل و حرکت محدود کر دی ہے۔ مریضوں، مسافروں، تاجروں اور عام شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ حکومت فوری طور پر لاک ڈاؤن اور شہریوں کی نقل و حرکت پر عائد پابندیاں ختم کرے۔ احمدوال میں مبینہ ڈرون پروازوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے رہنماؤں نے کہا کہ شہریوں کی چادر و چاردیواری اور نجی زندگی کا احترام ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ مبینہ طور پر حراست میں لیے گئے بچوں کے حوالے سے انہوں نے مطالبہ کیا کہ انہیں فوری رہا کیا جائے، اور اگر کسی پر کوئی الزام ہے تو اسے قانون کے مطابق عدالت میں پیش کیا جائے۔ رہنماؤں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز خود منصف نہ بنیں، کسی شہری پر جرم کا الزام ہے تو اسے عدالت میں پیش کیا جائے اور قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی شخص کو عدالتی عمل سے محروم رکھنا مسائل کا حل نہیں۔ آل پارٹیز رہنماؤں نے کہا کہ ریاستی اداروں کی ذمہ داری عوام کے لیے آسانیاں پیدا کرنا ہے، مشکلات میں اضافہ کرنا نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ صورتحال اس قدر سنگین ہو چکی ہے کہ مریضوں کو رات کے وقت نوشکی کے ہسپتال منتقل کرنا مشکل ہے اور ایمرجنسی کی صورت میں انہیں شہر سے باہر لے جانا بھی دشوار بنا دیا گیا ہے۔ رہنماؤں نے دعویٰ کیا کہ میت لے جانے والی گاڑیوں کو بھی مبینہ طور پر سیکیورٹی چیکنگ کے نام پر کئی گھنٹوں تک روکا جاتا ہے، جبکہ لاک ڈاؤن کے باعث متعدد سرکاری اسکولوں کی تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہوئی ہیں، اساتذہ و طلبہ بروقت اسکول نہیں پہنچ پا رہے اور تعلیم کا نظام شدید متاثر ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوشکی میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں حد سے تجاوز کر چکی ہیں، شہری خود کو غیر محفوظ سمجھ رہے ہیں اور جرائم پیشہ عناصر کو روکنے کے لیے مؤثر اقدامات نظر نہیں آ رہے۔ رہنماؤں نے ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی پر بھی سوالات اٹھاتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی کمشنر نوشکی کی تعیناتی کا حکم جاری ہونے کے باوجود چند روز بعد متعلقہ افسر اپنے تعیناتی کے احکامات منسوخ کرا لیتا ہے، جس کے باعث ضلع میں ڈپٹی کمشنر سمیت ضلعی انتظامیہ کی بعض اہم پوسٹیں خالی ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ انتظامی افسران کی مستقل تعیناتی یقینی بنائی جائے تاکہ عوامی مسائل کے حل کے لیے مؤثر انتظامی نظام موجود ہو۔ آل پارٹیز رہنماؤں نے کہا کہ نوشکی کے عوام کو اپنی ہی سرزمین پر محصور، بے اختیار اور بنیادی سہولیات سے محروم رکھنا ناقابل برداشت ہے۔ انہوں نے ریاستی اداروں سے مطالبہ کیا کہ عوام کو مایوس کرنے کے بجائے فوری عملی اقدامات کیے جائیں۔ آل پارٹیز رہنماؤں نے حکومت اور ریاستی اداروں کو دوٹوک اور واضح الٹی میٹم دیتے ہوئے کہا کہ نوشکی میں عائد پابندیاں فوری ختم، تمام راستے کھولے، شہریوں کی آزادانہ نقل و حرکت بحال، ہل احمدوال کے عوام کی ممکنہ بے دخلی کا فیصلہ واپس، جبکہ گیس، بجلی، تعلیم، صحت اور کاروبار سمیت بنیادی سہولیات فوری بحال کی جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر ان مطالبات پر فوری اور عملی طور پر عملدرآمد نہ کیا گیا تو آل پارٹیز، سول سوسائٹی، تاجر برادری اور عوام کو ساتھ لے کر احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا اور صوبائی و وفاقی سطح پر بھرپور احتجاجی تحریک شروع کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ آج ہم ریاستی اداروں سے اپنے جائز آئینی، شہری اور انسانی حقوق کا مطالبہ کر رہے ہیں، کل حالات ہمیں اس سے بھی زیادہ سخت احتجاج پر مجبور نہ کریں۔ عوام کے صبر کا مزید امتحان نہ لیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی ادارے عوام کے محافظ ہیں، عوام کے لیے مشکلات پیدا کرنے والے نہیں۔ نوشکی کے عوام کو دیوار سے لگانے کے بجائے ان کے مسائل حل کیے جائیں، ورنہ احتجاجی ردعمل کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ آل پارٹیز رہنماؤں نے دوٹوک اعلان کیا کہ نوشکی کے عوام اپنے بنیادی حقوق سے دستبردار نہیں ہوں گے، اپنی آبائی سرزمین سے کسی بھی صورت بے دخلی قبول نہیں کریں گے اور مطالبات کی منظوری تک آئینی و جمہوری جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 12

سے عبدالستار ایدھی کا مجسمہ دوبارہ عبدالستار ایدھی چوک پر نصب کر دیا گیا ہے۔ عبدالستار ایدھی کا مجسمہ بلوچستان کے نامور مجسمہ ساز اسحاق لہڑی نے رضاکارانہ طور پر تیار کیا ہے، انہوں نے بتایا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ذاتی دلچسپی سے مجسمہ تقریباً تین ماہ کی قلیل مدت میں تیار کر کے ایدھی چوک پر دوبارہ نصب کر دیا ہے، مذکورہ مجسمہ فائبر گلاس سے تیار کیا گیا ہے، اس کی لمبائی 11 فٹ ہے۔ ایدھی فاؤنڈیشن کے بانی و سماجی کارکن عبدالستار ایدھی کی سماجی خدمات کے اعتراف میں مجسمہ نصب کیا گیا ہے، یاد رہے کہ مذکورہ مجسمہ زرغون روڈ سول سیکرٹریٹ اور پرانا ہاکی چوک پر نصب تھا۔ جس کو 31 جنوری کو اسی چوک پر دھماکے کے نتیجے میں مجسمہ کو بھی نقصان پہنچا تھا۔

بقیہ 13

رخان نے کی۔ ویلکم پارٹی کے تقریب میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے مرکزی آرگنائزر سیف اللہ خان کاکڑ، مرکزی اطلاعات آرگنائزر اسفندیار خان کاکڑ، مرکزی آفس آرگنائزر نواز خپلواک، زونل اطلاعات آرگنائزر عظیم افغان، زونل رابطہ آرگنائزر بشیر افغان، زونل ثقافت آرگنائزر رحمت کاکڑ، ضلع سیکرٹری یار محمد بریال، ضلع ایگزیکٹو ممبر طارق وطن پال، پشتونخوا ڈاکٹرز فورم کے ڈاکٹر نور علی اچکزئی، وائی ڈی اے کے صدر ڈاکٹر یاسر اچکزئی خصوصی طور پر شریک تھے۔ ویلکم پارٹی کے تقریب سے پشتونخوا میپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، سیف اللہ خان کاکڑ، عظیم افغان، یار محمد بریال، ڈاکٹر نور علی اچکزئی، اور منصور خان ترین نے خطاب کیا۔ مقررین نے اپنے خطاب میں نئے سال کے طلباء کو مبارکباد دی اور پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے پلیٹ فارم سے سیاسی سفر کے آغاز کے فیصلے کو سراہا۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے اپنے خطاب میں کہا کہ کالج کی انتظامیہ اور صوبائی حکومت کیلئے افسوس کا مقام ہیں کہ آج میڈیکل کالج کے طلبہ میڈیکل کالج کی بجائے ایک میرج حال میں ویلکم پارٹی کا انعقاد کر رہے ہیں کالج کی انتظامیہ اور موجودہ فارم 47 حکومت کیجانب سے سیاست پر قدغن لگانا باعث افسوس ہیں کالج کی عمارت طلبہ کی ملکیت ہیں۔ عبدالرحیم زیارتوال نے اپنے خطاب میں پی ایم ڈی سی کے شرمناک فیصلے کی شدید الفاظ میں مذمت کی جس کے نتیجے میں زیر تعلیم افغان طلبہ کو تعلیمی اداروں سے بیدخل کرنا اور ان کی تعلیمی کیریئر کو ضائع کرنا انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہیں اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہیں انہوں نے مذید کہا کہ موجودہ فارم 47 حکومت کے ناکام خارجہ پالیسی کا نتیجہ ہیں کہ آج پاکستان خارجی طور پر اکیلا ہیں۔ مقررین نے اپنے خطاب میں پشتونخوا وطن میں طلبہ کی حقوق کیلئے پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے جدوجہد بیان کیا اور پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی منشوری اہداف کو واضح کیا اور طلبہ سیاست کی اہمیت بیان کی اور موجودہ حکومت کی نااہلی کی مذمت کی۔ آخر میں طلبہ کیلئے دعوت طعام کا اہتمام بھی کیا گیا۔

بقیہ 14

یونیو کوئٹہ ڈویژن سید کلیم اللہ کے علاوہ ڈپٹی کمشنر مستونگ بہرام خان نے ان لائن شرکت کی اس کے علاوہ محکمہ پولیس، ایکسائز، کسٹم، ایف سی، نادرا، اسپیشل برانچ، اے این ایف اور دیگر اداروں کے افسران بھی موجود تھے۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ انٹیلیجنس کمیٹیوں (DICs) کے اجلاسوں کے انعقاد، ان کے منٹس کی بروقت فراہمی، BISA ڈیش بورڈ پر شکایات اور ان پر کی جانے والی کارروائی کی باقاعدگی سے اپ لوڈنگ، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کی پروفائلنگ اور چوتھے شیڈول میں شامل افراد کے ضلعی سطح پر اپ ڈیٹ شدہ ڈیٹا کا جائزہ لیا گیا۔ کمشنر ذیشان لاشاری نے ہدایت کی کہ تمام ڈپٹی کمشنرز اپنے اپنے اضلاع میں ڈسٹرکٹ انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کمیٹیوں (DICCs) کے اجلاس باقاعدگی سے منعقد کریں اور دہشت گردوں، ان کے سہولت کاروں اور دیگر حساس عناصر سے متعلق پروفائلز کو متعلقہ انٹیلی جنس و قانون نافذ کرنے والے اداروں کے تعاون سے اپ ڈیٹ رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ چوتھے شیڈول میں شامل افراد کی نگرانی، ان کے خلاف کیے گئے اقدامات اور تازہ ترین صورتحال سے متعلق معلومات بروقت فراہم کی جائیں۔ اجلاس میں جوائنٹ ریسائس سینٹرز (JRCs) کے قیام اور موجودہ آپریشنل صورتحال کا بھی جائزہ لیا گیا۔ کمشنر نے ہدایت کی کہ جن اضلاع میں JRCs قائم نہیں ہوئے وہاں قیام میں حائل رکاوٹوں، موجودہ پیش رفت اور آئندہ کے لائحہ عمل سے متعلق تفصیلات فراہم کی جائیں۔ انسداد پوست / بھنگ (Cannabis) آپریشنز کے حوالے سے اجلاس کو بتایا گیا کہ ڈپٹی کمشنرز ابتدائی سروے کے ذریعے متعلقہ اضلاع میں پوست اور بھنگ کی کاشت سے متعلق معلومات جمع کی جا رہی ہیں۔ اس سلسلے میں ضلع، تحصیل اور موضع، نشاندہی شدہ مقامات کے طول و عرض، زمین کی حیثیت، زیر کاشت رقبے اور کاشت کی موجودہ صورتحال سے متعلق معلومات مرتب کی جائیں گی۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے ضلعی سطح پر سیکیورٹی اسیسمنٹ کو بھی اپ ڈیٹ کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ اہم سیکیورٹی کمزوریوں کی نشاندہی، ان کے تدارک کے لیے کیے گئے اقدامات اور صوبائی حکومت سے درکار تعاون کی تفصیلات واضح طور پر فراہم کی جائیں تمام ڈپٹی کمشنرز کو متعلقہ رپورٹس بروقت فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی۔ تعلیم اور صحت کے شعبوں کے حوالے سے مدارس کی ریگولیشن، ذخیرہ اندوزی کے خلاف کارروائی، تخریبی سرگرمیوں میں ملوث اساتذہ کے خلاف اقدامات، محکمہ تعلیم کے غیر حاضر ملازمین کے خلاف کارروائی، غیر فعال کیے گئے اسکولوں اور BHUs/ ڈسپنسریوں کی تعداد سمیت سرکاری و نجی ہاسٹلز کے معائنہ و مانیٹرنگ کا ڈیٹا آئندہ اجلاس میں پیش کیا جائے۔ اجلاس میں غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کے خلاف اقدامات سے متعلق پیش رفت سے بھی آگاہ کیا جائے۔ کمشنر ذیشان لاشاری نے کہا کہ ڈیش بورڈ میں تمام ڈیٹا کو اپ ڈیٹ کیا جائے اس حوالے سے فوکل پرسن آئندہ اجلاس میں موجود ہو اس کے علاوہ ڈپٹی کمشنرز اور متعلقہ ادارے تمام زیر التوا رپورٹس جلد مکمل کر کے پیش کی جائیں اور مؤثر مانیٹرنگ اور عملی اقدامات کو یقینی بنائے۔ تاکہ امن و امان، سیکیورٹی اور عوامی خدمات سے متعلق امور پر پیش رفت کی باقاعدگی سے نگرانی کی جا سکے۔

بقیہ 15

ندیم، اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز گوادر و دیگر افسران کے ہمراہ ہاربر جیٹی گوادر کا دورہ کیا، جہاں ماہی گیروں کے زیر استعمال جالوں کے سائز کا جائزہ لیا گیا۔ فشریز حکام نے ممنوعہ و غیر ممنوعہ جالوں کی جانچ کرتے ہوئے سمندری حیات کے تحفظ اور پائیدار ماہی گیری کے فروغ کے لیے قوانین پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 16

عسکری معاونت کی درخواست پر غور کر رہے ہیں، حملوں سے سعودی تیل تنصیبات کو خطرہ اور برطانیہ کو معاشی نقصان کا خدشہ ہے۔ واضح رہے کہ اس سے پہلے یمنی حوثیوں نے سعودی عرب میں فوجی اڈے پر حملے کا دعویٰ کیا تھا، ترجمان کا کہنا تھا کہ خمیس مشیط میں کنگ خالد ایئربیس پر میزائلوں اور ڈرونز سے حملہ کیا، طیاروں کے ہینگرز، ریڈارز، رن ویز اور گولہ بارود کے ذخائر کو نشانہ بنایا۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ کارروائی میں درجنوں بیلسٹک میزائل اور ڈرونز استعمال کیے گئے۔ سعودی اتحادی افواج نے حوثیوں کے حملوں کا بھرپور جواب دینے کا اعلان کیا ہے۔ یمن میں سعودی اتحادی افواج کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی نے کہا کہ حوثیوں نے شہریوں اور شہری املاک کو نشانہ بنایا ہے، اس سے حوثیوں کی انتہاپسندانہ سوچ اور کشیدگی میں اضافے کی پالیسی واضح ہوتی ہے۔ ترکی المالکی نے کہا کہ اتحادی افواج حملوں کا ذمہ داری اور بھرپور عزم کے ساتھ جواب دیں گی، حوثیوں کا مقابلہ کرنے کے لیے تمام ضروری عملی اور دفاعی اقدامات کیے جائیں گے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز یمنی حوثیوں نے سعودی عرب کے کنگ خالد ایئربیس پر بیلسٹک میزائلوں اور ڈرونز سے حملہ کرنے کا دعویٰ کیا تھا۔

بقیہ 17

ل ہونے والے میٹریل اور تکمیل کے مراحل سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ معائنہ کے دوران بتایا گیا کہ عمارت کے اندرونی پلستر کا کام مکمل ہو چکا ہے، جبکہ چار دیواری کی تعمیر بھی مکمل کر لی گئی ہے اور دروازوں کے فریم نصب کیے جا چکے ہیں۔ منصوبوں کے دیگر تعمیراتی مراحل پر بھی کام جاری ہے ڈپٹی کمشنر نے موقع پر موجود متعلقہ افسران اور ٹھیکیدار کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام میں مزید تیزی لانے کے لیے اضافی مزدور تعینات کیے جائیں اور تمام کام مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں غیر ضروری تاخیر کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع نے ہدایت کی کہ تعمیراتی کام میں رفتار کے ساتھ ساتھ معیار پر بھی کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور منصوبے میں منظور شدہ نقشے، ڈیزائن، تکنیکی specifications اور مقررہ معیار کے مطابق تعمیراتی سرگرمیاں جاری رکھی جائیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو کام کی باقاعدگی سے نگرانی کرنے اور پیش رفت سے متعلق رپورٹ پیش کرنے کی بھی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ جدید ڈیجیٹل لائبریری نوجوانوں، طلبہ و طالبات کے لیے جدید تعلیمی سہولیات، مطالعہ اور تحقیق کے مواقع فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی، جبکہ خواتین کے لیے جدید جمنازیم صحت مند سرگرمیوں اور کھیلوں کے فروغ کے ساتھ خواتین کو بہتر تفریحی و جسمانی صحت کی سہولیات فراہم کرنے میں معاون ثابت ہوگا انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے ضلع لورالائی میں عوامی سہولیات اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ معیار اور شفافیت کے ساتھ مکمل کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ایسے منصوبے نہ صرف شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کریں گے بلکہ تعلیم، صحت، کھیل اور نوجوانوں کی مثبت سرگرمیوں کے فروغ میں بھی اہم سنگ میل ثابت ہوں گے ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کا عمل مزید مؤثر بنایا جائے گا تاکہ عوامی مفاد کے منصوبے بروقت پایہ ؟ تکمیل تک پہنچیں اور ان کے ثمرات شہریوں کو جلد از جلد حاصل ہوں۔ اگر آپ چاہیں تو میں اسی خبر کے لیے مزید شاندار اور اخباری فرنٹ پیج طرز کی 5 سرخیاں اور نمایاں ذیلی سرخیاں بھی تیار کر سکتا ہوں۔

بقیہ 18

پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن کو نجکاری کی فہرست سے فوری طور پر نکالا جائے، رائلٹی کی بنیاد پر دی گئی مائنز کی لیز کا ازسرنو جائزہ لیکر انہیں فوری طور پر منسوخ کیا جائے، پی ایم ڈی سی جیسے منافع بخش ادارے کے خلاف جاری سازشوں اور ادارے کو کمزور کرنے کی کوششوں کا فوری سدباب کرنے کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں، پی ایم ڈی سی کو جدید خطوط پر استوار کر کے مضبوط بنایا جائے تاکہ مقامی افراد کیلئے روزگار کے مواقع پیدا ہوں سکیں۔ پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین (سی بی اے) سورنج کے صدر سعید اللہ کاکڑ، پی ایم ڈی سی ایمپلائز اینڈ سٹاف یونین شاہرگ کے صدر محمد نعیم، پی ایم ڈی سی ورکرز یونین ڈیگاری کے صدر سفر محمد مری، آل پاکستان پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین ہیڈ آفس اسلام آباد کے آفس سیکرٹری آصف شاہ سمیت دیگر ٹریڈ یونین نمائندوں نے گزشتہ دنوں سورنج کے کول مائننگ علاقے میں علی بھائی کول کمپنی میں پیش آنے والے المناک حادثے جس میں 34 کان کن جاں بحق ہوئے تھے کی انکوائری کمیٹی کی رپورٹ اور بیان کو مسترد کرتے ہوئے مشترکہ طور پر کہا ہے کہ بلوچستان مائنز سیکرٹریٹ کی جانب سے ایک عرصے سے پی ایم ڈی سی جیسے منافع بخش قومی ادارے کو کمزور کر کے اسے ٹھیکیداروں کے حوالے کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں جس کی ہم بھرپور مذمت کرتے ہیں، علی بھائی مائن حادثے کے حوالے سے ہونے والی انکوائری میں پی ایم ڈی سی کو بلاجواز اور غیر ضروری طور پر شامل کیا جا رہا ہے جو ادارے کو بدنام کر کے نجکاری کا عمل شروع کرانے کی ایک سازش ہے جس کی ہم بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ آل پاکستان پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین ہیڈ آفس اسلام آباد، پی ایم ڈی سی ایمپلائز اینڈ ورکرز یونینز (سی بی اے) سورنج، ڈیگاری، شاہرگ کے عہدیداروں نے کہا کہ اس وقت پی ایم ڈی سی شاہرگ میں سینکڑوں ٹھیکیدار کام کر رہے ہیں، کمپنی کی جانب سے بعض لیزیں منسوخ کیے جانے پر ٹھیکیداروں نے عدالتوں سے رجوع کیا، جبکہ دوسری جانب کمپنی اپنی الاٹ کردہ لیزیں انہی ٹھیکیداروں سے رائلٹی کی بنیاد پر واپس لیتی ہے تو بعض ٹھیکیدار لیزیں واپس کرنے سے انکار کرتے ہوئے قانونی تنازعات کو جنم دیتے ہیں، جس سے قومی ادارے کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ یونینز رہنماؤں نے کہا کہ پی ایم ڈی سی کی جانب سے لیز پر الاٹ کردہ مائنز میں حادثات رونما ہوتے ہیں تو ان کی ذمہ دار پی ایم ڈی سی نہیں بلکہ متعلقہ ٹھیکیدار ہے جو کانکنوں کی صحت و سلامتی کے حوالے سے اقدامات نہیں کرتا۔ آل پاکستان پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین ہیڈ آفس اسلام آباد، پی ایم ڈی سی ایمپلائز اینڈ ورکرز یونینز (سی بی اے) سورنج، ڈیگاری، شاہرگ کے رہنماؤں نے کہا کہ علی بھائی مائن حادثے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں، حادثے کے اصل ذمہ داروں کا تعین کر کے انہیں قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے، جبکہ ملک بھر کی تمام مائنز میں کانکنوں کی صحت و سلامتی کے اقدامات سمیت روزانہ کی بنیاد پر مائنز انسپکشن یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 19

س کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) (کوئٹہ محمد انور کاکڑ نے کی۔ اجلاس میں PILDAT کے نمائندے فہیم احمد سمیت ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، واسا، پی ایچ ای، محکمہ صحت، محکمہ تعلیم، بیورو آف اسٹیٹسٹکس، اسٹریٹ آرگنائزیشن، AID بلوچستان اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران و نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مختلف محکموں کی جانب سے اپنے اپنے شعبہ جات میں جاری اقدامات، عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، صحت و تعلیم کے شعبوں میں بہتری، صاف پانی کی دستیابی، نکاسی آب کے نظام، اعداد و شمار کے مؤثر استعمال اور عوامی خدمات کی فراہمی کو مزید بہتر بنانے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر) جنرل (محمد انور کاکڑ نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور شہری مسائل کا بروقت حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور مؤثر حکمت عملی کے ذریعے عوامی مسائل کے حل اور سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنائیں۔ اجلاس میں مختلف محکموں کے درمیان رابطہ کاری کو مزید مؤثر بنانے اور عوامی مفاد کے منصوبوں و اقدامات کی نگرانی کے حوالے سے بھی تجاویز پیش کی گئیں۔ PILDAT کے وفد نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کی جانب سے فراہم کردہ معلومات اور تعاون کو سراہا۔

بقیہ 20

104 افراد نے مستعفی ہو کر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی میں شمولیت کا اعلان کر دیا۔ اس موقع پر دونوں علاقوں میں نئے تنظیمی ابتدائی یونٹس بھی تشکیل دیے گئے۔ والہ مرغہ میں 89 افراد نے رسول داد اور صورت خان کی قیادت میں جبکہ کوندہ مہمانزئی میں 15 افراد نے ملک سلیمان مہمانزئی کی قیادت میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا۔ شمولیتی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ضلعی صدر حاجی داراخان جوگیزئی نے نئے شامل ہونے والے افراد کو پارٹی میں خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ایک منظم سیاسی جدوجہد کے ذریعے پشتون قوم کے حقوق، قومی وحدت اور عوامی مسائل کے حل کے لیے جدوجہد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کارکنوں کو چاہیے کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کا پیغام گھر گھر تک پہنچائیں اور عوام کو منظم سیاسی جدوجہد کا حصہ بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ پشتون قوم کو درپیش مسائل سے نجات، اپنے قومی، سیاسی، معاشی اور جمہوری حقوق کے حصول کے لیے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کی منظم جدوجہد ہی مؤثر راستہ ہے۔ انہوں نے نئے شامل ہونے والے ساتھیوں پر زور دیا کہ وہ پارٹی پروگرام اور قومی سیاسی جدوجہد کو آگے بڑھانے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں۔ اس موقع پر ضلعی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری ظریف سبا، ضلعی اطلاعات سیکرٹری عزیز اللہ کاکڑ، تحصیل جنرل سیکرٹری فضل خان میرزئی، تحصیل ڈپٹی سیکرٹری نصیب ملک اور رسول داد نے بھی خطاب کیا اور نئے شامل ہونے والے افراد کو پشتونخوا ملی عوامی پارٹی میں شمولیت پر مبارکباد پیش کی۔ مقررین نے کہا کہ عوام کی بڑی تعداد کا پارٹی میں شامل ہونا اس بات کا ثبوت ہے کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کی قومی، جمہوری اور عوامی جدوجہد کو عوام میں پذیرائی حاصل ہو رہی ہے۔ انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ تنظیم کو مزید فعال اور مضبوط بنانے کے لیے اپنی سیاسی و تنظیمی سرگرمیوں کو تیز کریں۔

بقیہ 21

پلائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہم کی کامیابی کا راز جامع اور مؤثر مائیکرو پلان میں پوشیدہ ہے، اس لیے مائیکرو پلان کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام اقدامات یقینی بنائے جائیں، تمام ڈپٹی کمشنرز اپنی نگرانی میں انسداد پولیو مہم کو کامیابی سے ہمکنار کریں اور فیلڈ میں ٹیموں کی کارکردگی، بچوں کی کوریج اور سیکیورٹی انتظامات کی کڑی نگرانی کی جائے انہوں نے واضح کیا کہ مہم کے دوران کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی صوبائی حکومت کی جانب سے اس حوالے سے سختی سے تاکید کی گئی ہے، جس پر من وعن عملدرآمد یقینی بنایا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے انسداد پولیو مہم کے حوالے سے منعقدہ ڈویژنل ٹاسک فورس اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر، اسسٹنٹ کمشنر بشیر احمد، ڈی ایچ او نصیر آباد ڈاکٹر ایاز جمالی سمیت دیگر اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز اور متعلقہ افسران نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی، جبکہ ڈبلیو ایچ او کے ڈاکٹر یاسر نے انسداد پولیو مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر صلاح الدین نورزئی نے ہدایت کی کہ پولیو ٹیموں کی بروقت روانگی فیلڈ میں موجودگی، سیکیورٹی کی فراہمی، انکاری والدین کی رہنمائی اور رہ جانے والے بچوں کی فوری طور پر کوریج کو یقینی بنایا جائے تاکہ کوئی بھی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔

بقیہ 22

خدمات کو عوام تک بروقت اور مؤثر انداز میں پہنچانے کے لیے ڈیجیٹل نظام کو مزید وسعت دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی وسائل کی شفاف اور منظم مینجمنٹ کے لیے کموڈیٹی مینجمنٹ میں جدید پالیسیوں کو اپنانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے عوام کی فلاح و بہبود کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا کہ فیصلہ ساز اقدامات فوری طور پر نافذ کیے جائیں گے۔ اجلاس میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں میں مشغول کرنے کے لیے کھیلوں اور یوتھ پروگرامز کو فروغ دیا جائے۔ چیف سیکرٹری نے صوبے میں کھیلوں کے انفراسٹرکچر اور کلچرل ایونٹس کے ذریعے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے اور سماجی بگاڑ سے بچانے پر خاص توجہ دینے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس میں محکموں کے سربراہان نے اصلاحات، ڈیجیٹائزیشن اور عوامی فلاح کے لیے آئندہ کے منصوبوں کا خاکہ پیش کیا۔ چیف سیکرٹری نے ان منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے اور اصلاحاتی عمل کی رفتار برقرار رکھنے کی ہدایت جاری کی۔

بقیہ 23

عوامی اداروں کی اصل پہچان یہی ہے کہ وہ شہریوں کے مسائل کو سمجھیں، ان کی مشکلات کو کم کریں اور انہیں بلاوجہ کی پریشانی اور انتظار سے محفوظ رکھتے ہوئے سہولیات ان کی دہلیز کے قریب فراہم کریں، نادرا آفس گدر میں افسران اور عملہ عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ب فارم، قومی شناختی کارڈ اور دیگر ضروری شناختی دستاویزات کے اجرا اور متعلقہ امور کی تکمیل کے لیے سنجیدگی اور ذمہ داری کے ساتھ خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ بالخصوص دور دراز اور پسماندہ علاقوں سے تعلق رکھنے والے شہریوں کے لیے مقامی سطح پر نادرا کی سہولت کسی نعمت سے کم نہیں، کیونکہ انہیں معمولی نوعیت کے کام کے لیے بھی طویل سفر اور اضافی اخراجات کی دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے، عوامی حلقوں کے مطابق نادرا آفس گدر میں شہریوں کی مشکلات کو سنجیدگی سے سنا جا رہا ہے، انہیں ضروری رہنمائی فراہم کی جا رہی ہے اور شناختی دستاویزات کے حصول کے عمل کو ممکنہ حد تک آسان اور منظم بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے، یہ طرز عمل نہ صرف عوام کے لیے سہولت کا باعث بن رہا ہے بلکہ سرکاری اداروں اور شہریوں کے درمیان اعتماد کے رشتے کو بھی مضبوط کر رہا ہے۔

بقیہ 24

جنگی معاونت کے لیے 5 ہزار پروازیں کیں، امریکا کو عراق، کویت، سعودی عرب اور یو اے ای میں 20 کروڑ 80 لاکھ ڈالر سے زائد کا نقصان بھی ہوا۔ انسپکٹر جنرل کے مطابق جنگ کے دوران 30 امریکی ڈرونز تباہ ہوئے، ایف 15، ایف 35 اور اے 10 سمیت کئی جنگی طیارے تباہ ہوئے، ایران نے بحرین میں امریکی بحریہ کے مرکزی لاجسٹکس مرکز کو تباہ کر دیا۔ یہ بھی بتایا گیا کہ پینٹاگون ہتھیاروں کی خریداری اور پیداوار کے عمل کو تیز کرنے کی کوشش کر رہا ہے، اہم جنگی ساز و سامان کے ذخائر بڑھانے پر بھی کام جاری ہے، کانگریس کی جانب سے لازمی قرار دی گئی رپورٹ میں جنگ کے پہلے 4 ماہ کا جائزہ لیا گیا ہے۔

بقیہ 25

گیس نمائندہ انجینئر شیر احمد قمرانی سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران اور نمائندگان نے شرکت کی، اجلاس کے دوران سوراب میں گیس کی موجودہ قلت، بجلی کی غیر مؤثر و طویل لوڈشیڈنگ اور شہریوں کو درپیش دیگر متعلقہ مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے اس امر پر غور کیا کہ گیس اور بجلی کی مسلسل عدم دستیابی کے باعث گھریلو صارفین، کاروباری طبقے، طلبہ اور عام شہریوں کو جن مشکلات کا سامنا ہے، ان کے تدارک کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری اور فوری اقدامات کو یقینی بنایا جائے، اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران کو عوامی شکایات کے ازالے، فراہمی میں بہتری اور مسائل کے حل کے لیے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنے پر بھی زور دیا گیا۔ اس موقع پر کہا گیا کہ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں درپیش رکاوٹوں کو دور کرنا ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے اور اس سلسلے میں متعلقہ اداروں کے ساتھ مسلسل رابطہ رکھا جائے گا۔

بقیہ 26

فیصلہ ساز کے طور پر خدمات سرانجام دے رہے ہیں موصوف کی قیادت میں نصابی کتب کے معیار طلبا کی تعلیمی ضروریات ادارے کی کارکردگی کو بہتر بنانے کیلئے کاوشیں قابل تحسین ہے ڈاکٹر گلاب خان خلجی کی قائدانہ صلاحیتیں اور مثبت سوچ بلوچستان کے طلبا کے روشن مستقبل میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں ان کی خدمات تعلیمی وژن قابل قدر ہیں اور آگے بھی اپنی بھرپور صلاحیتیں بروئے کار لاتے رہیں گے لہذا ایسے آفیسران کی حوصلہ افزائی ضروری ہے۔

بقیہ 27

لواسطہ یا بلاواسطہ آمریت مسلط کرنے کی تگ و دو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے دن سے ملک کو چلانے کے لیے آئین کی ضرورت تھی، آئین ساز اسمبلی کو آئین بنائے بغیر برخاست کرنا اور ملک پر ون یونٹ مسلط کر کے ملک کے بحرانوں کا آغاز کیا گیا اور 1958 کا مارشلاء کے نتیجے میں ملک کا اندرونی سیاسی انتشار کی وجہ سے ملک دولخت ہوا۔ 1973 کے آئین بننے کے بعد آئینی اصولوں کے تحت ملک چلانے میں مسلسل رکاوٹیں ڈالی گئی اور ایک اور مارشلاء کے ذریعے آئین کو پامال کیا گیا، ملک کی داخلہ اور خارجہ پالیسیاں سیاسی جمہوری آزادیاں سلب کی گئی۔ ملک کے برسراقتدار آمرانہ قوتیں ڈالروں کے ہوس میں ملک کی سماجی، معاشرتی، انسانی، جمہوری اقدار کو پامال کرنے سے نہیں ہچکچائے۔ انہوں نے کہا کہ 1988 کے بعد جو جمہوری ادوار آئے وہ بھی دراصل آمرانہ قوتوں کی مرضی و منشاء کے تابع رہے۔ جس سے ملک کے ہمہ جہت بحران شروع ہو گئے تھے۔ ملک کے بحرانوں کا حل نکالنے کے لیے ملک میں سیاسی استحکام ضروری اور لازمی تھی۔ لیکن ایک مرتبہ پھر ملک کی آمریت نواز قوتیں الیکشن کو فارم 47 کے بھونڈے طریقے سے پارلیمنٹ کی زور زوری کی بنیاد پر سلیکشن کی گئی اور سلیکٹ پارلیمنٹ سے ملک کے آئین اور ملکی اداروں اور ان نے کے اختیارات کو پامالی کرنے کے سے نہیں ہچکچائیں۔ 26ویں آئینی ترمیم میں آزاد میڈیا کا تصور ختم کیا گیا، 27ویں آئینی ترمیم میں عدلیہ کا گلہ گھونٹا یا اور اسی طرح SIFC، اسپیشل انویسمنٹ فیسلیٹیشن کونسل (خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل) کے نفاذ سے صوبائی خودمختاری کا خاتمہ کرتے ہوئے مائنز و منرل، جنگلات، لائیو سٹاک، فشریز، آئی ٹی، صنعت، زراعت میں مداخلت کی قانونی حیثیت دی گئی۔ صرف یہی نہیں آئین پاکستان میں این ایف سی ایوارڈ کو غیر آئینی طور پر مداخلت کر کے صوبوں کے حصص کو گھٹایا اور بڑھایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ آج صوبے میں امن و امان کی جو صورتحال ہے وہ انتہائی کشیدہ ہے، صوبے کی تمام شاہراہیں سفر کے لیے غیر محفوظ، روزگار کے دروازے مسلسل بند کیئے جا رہے ہیں، کرپشن، رشوت خوری، پرسنٹ، سفارش، اقربا پروری اپنی عروج پر ہے۔ مسلط نااہل، ناکام، فارم 47 کے نمائندوں سے اچھی گورننس کی توقع عبث کے سوا کچھ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو عالمی طور پر جس تنہائی کا سامنا ہے اس کی بنیادی وجہ ملک کی غلط ناکام داخلہ و خارجہ پالیسیاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں حکومتی سرپرستی میں جاری بدامنی کا فوری خاتمہ، صوبے کے تمام شاہراہوں پر امن قائم کرنا، لوگوں کو روزگار دینا، اچھی مفت معیاری تعلیم و صحت کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داریوں میں شامل ہیں۔ حکومت کی جانب سے مزید غفلت پر صوبے کے ہر فرد کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس کے خلاف آواز بلند کرے۔ ملک پر آمرانہ رائے مسلط کرنے اور آئین کے برخلاف اقدامات کرنے پر ملک کی تمام سیاسی جمہوری پارٹیوں کو کم سے کم نکات پر ایک ہو کر اسے ناکام بنانا ان کی جمہوری ذمہ داریوں میں شامل ہیں۔ اس طرح ملک کے 24 کروڑ عوام نے بھی ماورائے آئین اور غیر جمہوری قوتوں کا راستہ روکنے کے لیے میدان عمل میں آنا ہوگا اور ملک کے مستقبل کو محفوظ بنانا ہوگا۔

بقیہ 28

یم جزیرے پر حوثیوں کے قبضے سے پریشانی ہے؟ امریکی نائب صدر نے جواب دیا ہم اس صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں، ہم اماراتیوں، سعودیوں اور خطے میں دیگر متاثرہ فریقین کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ امریکی انتظامیہ اس معاملے کو ترجیحی بنیادوں پر دیکھ رہے ہیں اور وہ حوثیوں سے بھی براہ راست بات کر رہے ہیں۔ جے ڈی وینس کا مزید کہنا ہے کہ ہم اس صورتحال کی نگرانی کرتے رہیں گے اور یقینی بنائیں گے کہ امریکہ کے مفادات کا تحفظ کریں۔

بقیہ 29

انہوں نے کہا کہ 138 سالہ کراچی پورٹ نے گزشتہ مالی سال کے دوران 55.8 ملین ٹن کارگو ہینڈل کر کے اپنی تاریخ کا نیا ریکارڈ قائم کیا، جبکہ 2,115 بحری جہازوں کی آمدورفت بھی اس کی بڑھتی ہوئی آپریشنل صلاحیت اور عالمی تجارتی اہمیت کا واضح ثبوت ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ خلیجی تنازع کے باعث عالمی شپنگ روٹس متاثر ہونے سے کراچی پورٹ کیلئے ٹرانس شپمنٹ کے نئے مواقع پیدا ہوئے ہیں۔ یہ پیش رفت پاکستان کیلئے اس اعتبار سے نہایت اہم ہے کہ تقریباً 60 فیصد قومی کارگو کراچی پورٹ سے منسلک تجارتی نظام پر انحصار کرتا ہے۔ اگر اس اضافی صلاحیت کو مستقل تجارتی حکمت عملی میں تبدیل کر دیا جائے تو بندرگاہی آمدنی، روزگار، برآمدات اور قیمتی زرمبادلہ میں نمایاں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی سطح پر کراچی پورٹ وسطی ایشیا کے خشکی میں گھرے ممالک کو سمندر تک مؤثر اور نسبتاً کم لاگت رسائی فراہم کر سکتا ہے۔ عالمی معیار کے کسٹمز ٹرانزٹ نظام، بہتر سڑک و ریل روابط اور تیز رفتار کلیئرنس کے ذریعے پاکستان افغانستان، وسطی ایشیا اور مغربی چین کیلئے ایک مسابقتی تجارتی گیٹ وے بن سکتا ہے۔ اس سے علاقائی سپلائی چینز مضبوط، تجارتی دورانیہ مختصر اور نقل و حمل کے اخراجات کم ہوں گے۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار نے مزید کہا کہ کراچی پورٹ کی استعداد پاکستان کو بحیرہ عرب، خلیج اور ایشیا کے اہم شپنگ نیٹ ورکس سے زیادہ مضبوطی کے ساتھ منسلک کر سکتی ہے۔ اس صلاحیت سے بھرپور فائدہ اٹھانے کیلئے بندرگاہی انفراسٹرکچر، کسٹمز اصلاحات، ڈیجیٹلائزیشن، ریلوے فریٹ، شاہراہوں اور صنعتی و لاجسٹکس زونز کو ایک مربوط قومی منصوبے کے تحت ترقی دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کراچی پورٹ کی ریکارڈ کارکردگی پاکستان کی بحری معیشت کیلئے ایک اہم موڑ ہے۔ اگر اس کی موجودہ صلاحیت کو مستقل اصلاحات، علاقائی رابطوں اور عالمی سپلائی چینز کے ساتھ مؤثر انداز میں جوڑ دیا جائے تو کراچی صرف پاکستان کی بندرگاہ نہیں رہے گا بلکہ جنوبی و وسطی ایشیا کے ایک بڑے علاقائی تجارتی، ٹرانس شپمنٹ اور لاجسٹکس مرکز کے طور پر ابھر سکتا ہے

بقیہ 30

کو ہٹانے اور صفائی کے عمل کو بہتر بنانے کے لیے کارروائیاں جاری رکھیں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سمندر خان ناصر نے صفائی عملے کو ہدایت کی کہ شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی کا عمل باقاعدگی سے جاری رکھا جائے اور کچرے کے ڈھیروں کی بروقت صفائی کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کیا جا سکے اس موقع پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ صفائی صرف ایک روزہ سرگرمی نہیں بلکہ مسلسل اور باقاعدہ عمل ہے، جس کے لیے میونسپل کمیٹی کے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ شہری آبادی، بازاروں اور مصروف مقامات پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے کچرے کی بروقت منتقلی اور مناسب تلفی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی نے کہا کہ شہر میں صفائی ستھرائی، نکاسی آب اور عوام کو صاف و صحت مند ماحول کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ جہاں کہیں بھی کچرا جمع ہو یا صفائی کی ضرورت ہو، وہاں فوری کارروائی کی جائے اور صفائی کے نظام میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کو بھی چاہیے کہ وہ صفائی کے عمل میں ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی کے ساتھ تعاون کریں، کچرا مقررہ مقامات پر ڈالیں اور گلیوں، بازاروں اور عوامی مقامات کو صاف رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں ضلعی انتظامیہ کے مطابق شہر میں صفائی کے نظام کی بہتری کے لیے مختلف علاقوں کی نگرانی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، جبکہ عوامی شکایات کی بنیاد پر فوری طور پر صفائی کے اقدامات کیے جائیں گے تاکہ دکی شہر کو صاف، خوبصورت اور صحت مند ماحول فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 31

للہ صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی مولانا محمد قاسم مخلص و دیگر نے کہا کہ ہر آنیوالے نئے حکمران نے اپنی ذاتی سوچ و فکر کے مطابق ملک کو تجربہ گاہ بنا دیا ہے اور یہی وجہ ہے ملک ترقی کے بجائے پسماندگی کی جانب جاری ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ ملک پر برسراقتدار آنیوالے ہر حکمران نے ملک کی عوام پسماندگی پر توجہ دیتے تو آج ملک میں امن خوشحالی معاشی صورتحال بہتر ہوتی لیکن بنیادی حقوق سے عوام محروم اور ملکی آئین کو پس پشت ڈالنے و ملک کو نئے نظاموں تجربہ گاہ بنانے سے مسائل میں اضافہ ہوا ہے لیکن عوام کی بنیادی مسائل تکالیف کو دور کرنے کا کسی نے کوشش نہیں کی اور ملک پر مسلط نظام سے پوری قوم بیزار ہو چکی ہے اس مفلوج نظام کی باعث ملک و قوم آئینی، سیاسی اور معاشی بحران کا سامنا کر رہی ہے۔ جابرانہ و ظالمانہ نظام کی فیصلوں سے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے اور عام عوام سراپا احتجاج پر ہے جس کے باعث ملک کے مستقبل، بحران کی کیفیت سے دوچار ہو رہی ہے جب تک ملک میں ایک مضبوط نظام نہیں آئیگا نہ سیاسی استحکام آئے گا اور نہ ہی ملک کو بحرانوں سے نجات ملیگا استحصالی نظام اور جبر و استبداد سے نجات کے لیے جدوجہد ناگزیر ہو چکا ہے ملک پر مسلط نظام نے قوم کو بنیادی حقوق سے محروم رکھ کر عوام کا استحصال کیا گیا کرپٹ نظام قومی ترقی، شفاف حکمرانی اور عوامی خوشحالی کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک و قوم موجودہ کرپٹ نظام کی تباہ کاریوں سے پریشان ہو کر اسلامی نظام کی تلاش میں ہے۔ اسلامی نظام انسانیت کی اجتماعیت کی اساس ہے۔ جہاں قرآن و سنت کی بالادستی ہو اور قرآن و سنت کا قانون ہی نافذ العمل ہو تو عدل و انصاف کا بول بالا ہوگا اس کی افادیت، قانون فطرت سے مطابقت اور امن و سلامتی پیدا کرنے کی صلاحیت کا اعتراف آج کفری قوتیں کر رہی ہے جو انسانیت کے فلاح و بقا اور حقوق کی تحفظ کا ضامن ہیں ملکی مسائل کا واحد حل مکمل اسلامی نظام کے عملاً نفاذ میں مضمر ہے

بقیہ 32

ں کی بڑی تعداد نے اپنے مسائل اور تجاویز پیش کیں کھلی کچہری میں تعلیم، صحت، صاف پانی، بجلی، ماہی گیری، امن و امان، سڑکوں، ڈرینج، انٹرنیٹ اور کوسٹل ہائی وے سے متعلق مسائل زیر بحث آئے۔ شہریوں نے بالخصوص اسکولوں میں سائنس و ریاضی کے اساتذہ کی کمی، درسی کتب اور کمپیوٹر سہولیات کی فراہمی، بنیادی طبی سہولیات کی بہتری، سربندن کلورٹ کی تعمیر و بحالی اور ڈرینج و سیوریج نظام کی بہتری کا مطالبہ کیا شہریوں نے کوسٹل ہائی وے پر تیز رفتاری اور خطرناک اوورٹیکنگ کی روک تھام اور انٹرنیٹ سروسز میں بہتری کے لیے بھی مؤثر اقدامات کی درخواست کی۔ حکام نے متعدد مسائل کے فوری حل کے احکامات جاری کرتے ہوئے متعلقہ محکموں کو دیگر شکایات پر ترجیحی بنیادوں پر کارروائی اور بروقت ازالے کی ہدایت کی۔ کھلی کچہری میں ضلعی آفیسر تعلیم برائے خواتین زرا جاتون، ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر وہاب مجید، ایڈیشنل ضلعی آفیسر صحت ڈاکٹر عبدالوحد سمیت مختلف محکموں کے افسران اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر سرکاری سہولیات کی فراہمی، شکایات کا فوری ازالہ اور انتظامیہ و عوام کے درمیان براہ راست رابطے کو مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے حل میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کرتے ہوئے قواعد و ضوابط کے مطابق مؤثر اور عملی اقدامات یقینی بنائے جائیں۔

بقیہ 33

میں جمہوری اداروں کو مضبوط، آئین کی بالادستی کو یقینی اور عوام کو ان کے بنیادی حقوق فراہم کیے جائیں تو پاکستان مزید ترقی اور خوشحالی کی جانب گامزن ہو سکتا ہے میر چنگیز خان جمالی کا مزید کہنا تھا کہا کہ جمہوریت کے فروغ کے لیے تمام سیاسی و جمہوری قوتوں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 34

مریضوں اور دیگر مسافروں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک جانب ٹریفک کے مسائل میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، تو دوسری جانب کروڑوں روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والا نیو بس اسٹینڈ غیر فعال پڑا ہے۔ شہریوں نے متعلقہ انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ غیر قانونی اڈوں کے خلاف کارروائی کی جائے، ٹریفک کے نظام کو بہتر بنایا جائے اور نیو بس اسٹینڈ کو فوری طور پر فعال کر کے عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ کیا جائے۔

بقیہ 35

برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق 9 ستمبر 2026 کو کالج روڈ چمن پر فائرنگ کے ایک واقعے میں نذر محمد شدید زخمی ہو گئے تھے۔ انہیں فوری طور پر سول ہسپتال چمن منتقل کیا گیا، جہاں ابتدائی طبی امداد کے بعد تشویشناک حالت کے پیش نظر کوئٹہ ریفر کیا گیا؛ تاہم وہ سرانان کے قریب زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گئے۔ واقعے کا مقدمہ نمبر 93/2026 بجرم دفعہ 302 ت پ نامعلوم ملزمان کے خلاف تھانہ کاریزات میں درج کیا گیا۔ واقعے کے بعد مقتول کے لواحقین نے ڈی سی کمپلیکس کے سامنے میت رکھ کر احتجاج کیا، تاہم پولیس اور ضلعی انتظامیہ کے کامیاب مذاکرات کے بعد احتجاج ختم کر دیا گیا۔

کسٹمز، ریلوے، شاہراہوں اور لاجسٹکس انفراسٹرکچر میں اصلاحات ناگزیر ہیں، چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار

کراچی پورٹ نے 55.8 ملین ٹن کارگو ہینڈل کر کے نیا ریکارڈ قائم کیا، سینیٹر محمد عبدالقادر

پورٹ کی تاریخی کارکردگی پاکستان کی بحری معیشت کیلئے اہم موڑ ہے علاقائی ٹرانس شپمنٹ و لاجسٹکس مرکز بننے کی صلاحیت موجود ہے

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار، سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ کراچی پورٹ کی تاریخی کارکردگی نے ثابت کر دیا ہے کہ پاکستان کی بحری تجارت اب محض درآمدات و برآمدات تک محدود نہیں رہی بلکہ بدلتے ہوئے عالمی تجارتی حالات میں ٹرانس شپمنٹ، علاقائی رابطوں اور لاجسٹکس کے بڑے مرکز کے طور پر اس کی اہمیت مسلسل بڑھ رہی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

میونسپل کمیٹی دکی کی صفائی آپریشن تسلسل کے ساتھ جاری

بازاروں اور عوامی مقامات کو صاف رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی خصوصی ہدایت پر شہر میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے میونسپل کمیٹی دکی کی جانب سے صفائی آپریشن تسلسل کے ساتھ جاری ہے۔ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی دکی سمندر خان ناصر کی نگرانی میں میونسپل عملہ شہر کے مختلف علاقوں، اہم شاہراہوں، بازاروں اور عوامی مقامات سے جمع شدہ کچرے کی صفائی اور تلفی میں مصروف عمل ہے اسی سلسلے میں ایکسچینج دفتر کے سامنے موجود جمع شدہ کچرے کے ڈھیر کو اسکیڈ لوڈر کے ذریعے اٹھا کر علاقے کی صفائی کی گئی، جبکہ صفائی عملے نے دیگر مقامات پر بھی کچرے (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

یمن کی صورتحال پر گہری نظر، حوثیوں سے براہ راست مذاکرات جاری ہیں، جے ڈی وینس

کنساس (آن لائن) امریکہ کے نائب صدر جے ڈی وینس کا کہنا ہے کہ وہ یمن اور اس کے اطراف میں صورتحال کی نگرانی کر رہے ہیں اور حوثیوں سے بھی رابطے میں ہیں۔ امریکی ریاست کنساس میں ایک صحافی نے جے ڈی وینس سے پوچھا کہ کیا انہیں بحیرہ احمر میں واقع بر (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

پاکستان جن ہمہ جہت بحرانوں میں گر چکا ہے، پشتونخوا میپ

ان کے اختیارات مسلسل پائمال کرنے اور ملک پر بالواسطہ یا بلاواسطہ آمریت مسلط کرنے کی تگ و دو رہی ہے

مارشلاء کے ذریعے آئین کو پائمال کیا گیا، ملک کی داخلہ اور خارجہ پالیسیاں سیاسی جمہوری آزادیاں سلف کی گئی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے بولان میڈیکل یونیورسٹی کے نئے طلباء کے اعزاز میں استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان جن ہمہ جہت بحرانوں میں گر چکا ہے اس کی بنیادی وجہ ہماری بداعمالیوں، بدکاریوں، سیاسی، جمہوری، آئینی، وفاقی اصولوں سے انحراف اور آئینی اداروں اور ان کے اختیارات مسلسل پائمال کرنے اور ملک پر با (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

معذور بچوں کو ٹریڈیشنل تائیکوانڈو کھیل سکھائیں گے: سید علی عمران

فزیوتھراپسٹ، سپورٹس سائیکالوجسٹس کی مدد سے پیرا ایتھلیٹ کی صلاحیتیں نکھاریں گے

پیرا ایتھلیٹ کی کھیل کے میدان میں حوصلہ افزائی ان کی زندگی میں انقلاب برپا کر سکتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن پاکستان کے سیکرٹری جنرل سید علی عمران نے کہا ہے کہ کھیلوں کے میدان میں معذور کھلاڑیوں (پیرا ایتھلیٹس) کی حوصلہ افزائی کرنے سے ان میں اعتماد آتا ہے، جب انہیں داد و تحسین ملتی ہے تو ان کا یہ یقین پختہ ہوتا ہے کہ وہ کسی سے کم نہیں ہیں، یہ حوصلہ افزائی انہیں زندگی کی دیگر رکاوٹوں کا سا (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

جمہوریت کی اصل طاقت عوام کی شمولیت اور ان کے اعتماد میں ہے، چوہدری نعیم کریم

ملک میں جمہوریت کی مضبوطی، پارلیمان کی بالادستی اور آئین کی حکمرانی کیلئے جدوجہد کر رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) ملک میں جمہوریت کی مضبوطی، پارلیمان کی بالادستی اور آئین کی حکمرانی کیلئے جدوجہد کر رہی (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

ربڑ اسٹیمپ پارلیمنٹ اور ادارہ جاتی مداخلت نے ملک کو سیاسی و آئینی بحران میں دھکیل دیا، مولانا عبدالرحمٰن

جمہوریت کے لبادے میں آمریت کسی صورت قابل قبول نہیں، جے یو آئی کوئٹہ

پارلیمنٹ کی بالادستی اور عوامی مینڈیٹ کا احترام یقینی بنایا جائے، آئین و قانون کی بالادستی ہی واحد راستہ ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بازئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ جمہوریت کے لبادے میں آمریت (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

جنگلی پرندوں کے غیر قانونی شکار کے خلاف پولیس اور محکمہ جنگلات کی مشترکہ کارروائی

رکنی (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی ہدایت پر رکنی میں کونج، تیتر اور دیگر جنگلی پرندوں کے غیر قانونی شکار کے خلاف پولیس اور محکمہ جنگلات نے مشترکہ کارروائی کی۔ ایس ڈی پی او رکنی عبدالجبار مینگل کی قیادت میں پولیس ٹیم نے ڈی ایف او زبیر احمد اور محکمہ جنگلات کے (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

معیار اور مقررہ مدت پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، ایکسین محمود خان

کوہلو میں فلڈ پروٹیکشن وال سمیت محکمہ اریگیشن کے ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں محکمہ اریگیشن کے ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے۔ ایکسین ایگزیکٹو انجینئر محکمہ اریگیشن محمود خان مندوخیل نے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کر کے جاری کام کا تفصیلی جائزہ لیا اور منصوبوں پر پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ تفصیلات کے مطابق ایکسین اریگیشن محمود خان مندوخیل نے کوہلو میں جاری مختلف منصوبوں کا معائنہ کیا، جن میں نزد نیو ٹرک اڈا فلڈ پروٹیکشن وال، کوہلو شہر میں فلڈ پروٹیکشن وال جبکہ ضلع کے سب سے گنجان آباد علاقے نیوکلی میں زیر تعمیر فلڈ پروٹیکشن وال شامل ہیں۔

اسلامی نظام انسانیت کی اجتماعیت کی اساس ہے، جمعیت نظریاتی

ہر آنے والے نئے حکمران نے اپنی ذاتی سوچ و فکر کے مطابق ملک کو تجربہ گاہ بنا دیا ہے

ملک و قوم موجودہ کرپٹ نظام کی تباہ کاریوں سے پریشان ہو کر اسلامی نظام کی تلاش میں ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی ڈپٹی سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی مرکزی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الهدیٰ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمٰن نکیال صوبائی امیر پنجاب مولانا ثنا (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

سیمی فائنل میں گورنمنٹ گرلز اسکول ملابند کو 2-0 سے شکست دے کر فائنل تک رسائی حاصل کی

گوادر (خ ن) یونیورسٹی آف گوادر کی طالبات نے میر گلستی انٹر ایجوکیشنل انسٹیٹیوٹ اسپورٹس فیسٹیول 2026 کے گرلز فٹسال (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول سربندن میں کھلی کچہری کا انعقاد

شکایات کا فوری ازالہ اور انتظامیہ و عوام کے درمیان براہ راست رابطے کو مضبوط بنانا ہے

سربندن (خ ن) صوبائی حکومت کی عوام دوست پالیسی کے تحت عوامی مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے اور سرکاری خدمات تک رسائی آسان بنانے کے لیے گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول سربندن میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری کی صدارت اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل نعیم جان نے کیا کھلی کچہری میں مختلف محکموں کے افسران نے شرکت کی، جبکہ شہریو (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

کوئٹہ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کوئٹہ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی پیشرفت کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی بھی موجود ہیں

سوراب، گیس و بجلی کی قلت اور لوڈشیڈنگ پر اہم اجلاس

عوامی مشکلات کے فوری ازالے کے لیے اقدامات پر غور

سوراب (خ ن) ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی خصوصی ہدایت پر گیس اور بجلی کی حالیہ قلت، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور اس کے باعث شہریوں کو درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوراب سلمان علی بلیدی نے کی۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر سوراب شئے اکبر علی بلوچ، سپرنٹنڈنٹس فضل محمد قمبرانی اور عبدالصمد ساسولی، تحصیلدار محمود احمد کرد، نائب تحصیلدار ایوب حسنی، ایس ڈی او واپڈا شکر اللہ (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

ایران جنگ میں امریکا کو شدید عسکری اور معاشی نقصان پہنچا: امریکی محکمہ دفاع کا اعتراف

واشنگٹن (آن لائن) امریکی محکمہ دفاع کے انسپکٹر جنرل کی رپورٹ کے مطابق ایران جنگ میں امریکا کو شدید عسکری اور معاشی نقصان پہنچا۔ امریکی محکمہ دفاع کے مطابق ایران جنگ پر امریکا کے تقریباً 33 ارب 40 کروڑ ڈالر خرچ ہوئے، 22 ارب 30 کروڑ ڈالر استعمال شدہ گولہ بارود پر خرچ ہوئے، جنگ کے دوران 20 ہزار سے زائد امریکی فوجی اور سفارتی اہلکاروں کو خطے نکالا گیا۔ رپورٹ کے مطابق یورپی اڈوں سے امریکی افواج نے (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

گلاب خان خلجی باصلاحیت متحرک ذمہ دار اور اچھے فیصلہ ساز کے طور پر خدمات سرانجام دے رہے ہیں، اسرار ہنگلزئی

کوئٹہ (آن لائن) اسرار ہنگلزئی اور رفیق جنگ نے جاری کردہ مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ گلاب خان خلجی باصلاحیت متحرک ذمہ دار اور اچھے (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

نادرا آفس گدر عوامی توقعات پر پورا اترنے لگا، بروقت سہولیات کی فراہمی پر اہلیان گدر کا اظہار اطمینان

سوراب (آن لائن) نادرا رجسٹریشن سینٹر گدر کی جانب سے شہریوں کو بروقت، مؤثر اور بہتر سہولیات کی فراہمی کو اہلیان گدر نے خوش آئند پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

یونیورسٹی کے قیام کا منصوبہ جلد عملی شکل اختیار کرے گا، وحید اچکزئی

اسلامیہ یونیورسٹی کا قیام بلوچستان کے طلبہ کیلئے اعلیٰ تعلیم کے نئے مواقع پیدا کرے گا

اسلامیہ یونیورسٹی کا قیام بلوچستان بالخصوص کوئٹہ کے طلبہ کے لیے اعلیٰ تعلیم کے نئے مواقع پیدا کرے گا

کوئٹہ (آن لائن) اسلامیہ ہائی اسکول کے اسپورٹس انچارج وحید خان اچکزئی نے گورنر بلوچستان کی جانب سے اسلامیہ یونیورسٹی کے قیام کے لیے مالی تعاون کے اعلان کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کی جانب سے اسلامیہ یونیورسٹی کے قیام کے لیے بہت جلد افتتاح کرنے اور یونیورسٹی کے لیے ایک کروڑ روپے کی گرانٹ کا اعلان ایک انتہائی خوش آئند اور قابل تحسین فیصلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامیہ یونیورسٹی کا قیام بلوچستان بالخصوص کوئٹہ کے طلبہ کے لیے اعلیٰ تعلیم کے نئے مواقع پیدا کر (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

بلوچستان میں روزگار کا بحران نوجوانوں کا وزیراعلیٰ سے فوری نوٹس کا عوامی مطالبہ

بھکی پور (آن لائن) بلوچستان میں روزگار کا بحران نوجوانوں کا وزیراعلیٰ سے فوری نوٹس کا عوامی مطالبہ۔ بلوچستان میں پہلے ہی سالہا سال سے نوکریاں نایاب ہیں، اور اگر یا (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

جیوانی کو سب ڈویژن کا درجہ ملنے کے بعد انتظامی نظام کی فعالیت کی جانب اہم پیش رفت

جیوانی (خ ن) جیوانی کو سب ڈویژن کا درجہ ملنے کے بعد انتظامی نظام کی فعالیت کی جانب اہم پیش رفت، تحصیل جیوانی میں پہلے اسسٹنٹ کمشنر آفس کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق امام اور تحصیل (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

ڈاکٹر محمد حسن ڈومکی کا (BHU) رکنی کا دورہ

تمام ریکارڈ باقاعدگی سے اپ ڈیٹ رکھے جائیں

بارکھان/رکنی (خ ن) ضلعی ناظم صحت بارکھان ڈاکٹر محمد حسن ڈومکی نے بنیادی مرکز صحت (BHU) رکنی کی ایوننگ شفٹ کا اچانک دورہ کیا اور مرکز صحت کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے دوران ای پی آئی (EPI) سائٹ پر ویکسین کی کولڈ چین، آئی ایل آر (ILR) کی حالت، مستقل رجسٹر، اسٹاک رجسٹر اور ویکسین کے ذخیرے کا جائزہ لیا (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

سوراب، غیر قانونی پٹرولیم مصنوعات کی فروخت کے خلاف کریک ڈاؤن، 10 پٹرول پمپس سیل

غیر قانونی و غیر مجاز پٹرولیم مصنوعات کی فروخت کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ بلاامتیاز جاری رکھا جائیگا

سوراب (خ ن) ضلعی انتظامیہ سوراب نے شہر میں غیر قانونی اور غیر مجاز پٹرولیم مصنوعات کی خرید و فروخت کے خلاف کارروائی کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے 10 پٹرول پمپس کو بند کر دیا۔ کارروائی کا مقصد غیر قانونی کاروباری سرگرمیوں کی روک تھام، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پٹرولیم مصنوعات کی فروخت سے متعلق قانونی ضوابط پر عملدرآمد کو یقینی بنانا ہے، (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

کوئٹہ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری ڈویژنل مانیٹرنگ کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی بھی موجود ہیں

صوبائی وسائل کی شفاف اور منظم مینجمنٹ کے لیے کموڈیٹی مینجمنٹ میں جدید پالیسیوں کو اپنانا ناگزیر ہے

چیف سیکرٹری بلوچستان کی زیر صدارت اجلاس

چیف سیکرٹری کی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے اور اصلاحاتی عمل کی رفتار برقرار رکھنے کی ہدایت جاری

کوئٹہ (آن لائن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبے کے مختلف محکموں کی دو سالہ کارکردگی جائزہ رپورٹس کے حوالے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سپورٹس، لاء، کلچر اور کموڈیٹی مینجمنٹ کے محکموں کی تفصیلی رپورٹس پیش کی گئیں اور مستقبل کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے محکموں میں اصلاحات اور ڈیجیٹائزیشن کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے ہدایت کی کہ سرکاری (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

انسداد پولیو مہم کی کامیابی کا راز جامع اور مؤثر مائیکرو پلان میں پوشیدہ ہے، کمشنر نصیر آباد

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے کہا ہے کہ نصیر آباد ڈویژن میں شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے حوالے سے تمام تر انتظامات کو حتمی شکل دی جائے، ڈویژن بھر کی 126 یونین کونسلز میں 4 لاکھ 13 ہزار 788 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف لیجسلیٹو ڈویلپمنٹ اینڈ ٹرانسپیرنسی کے وفد کا ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے دفتر کا دورہ

کوئٹہ (خ ن) پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف لیجسلیٹو ڈویلپمنٹ اینڈ ٹرانسپیرنسی (PILDAT) کے ایک وفد نے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں شہری سہولیات، صحت، تعلیم، پانی و نکاسی آب اور دیگر عوامی خدمات سے متعلق امور کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلا (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

قومی وحدت اور عوامی مسائل کے حل کیلئے جدوجہد جاری ہے، دارا جوگیزئی

پارٹی میں 104 افراد کی شمولیت کے اجتماعات سے رہنماؤں کا خطاب

قلعہ سیف اللہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے تحصیل قلعہ سیف اللہ کے مختلف علاقوں والہ مرغہ اور کوند میہانزئی میں منعقدہ دو الگ الگ شمولیتی پروگراموں میں (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

بلوچستان مائنز سیکرٹریٹ پی ایم ڈی سی کو کمزور کر کے ٹھیکیداروں کے حوالے کرنے کی کوششیں کر رہا ہے: محمد نعیم

حکومت منافع بخش پی ایم ڈی سی کو نجکاری لسٹ سے نکالے، سعید اللہ کاکڑ

ٹھیکیداری نظام کی وجہ سے قومی ادارے پی ایم ڈی سی کو نقصان پہنچ رہا ہے لہٰذا تمام لیز منسوخ کی جائیں: سفر مری

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین ہیڈ آفس اسلام آباد، پی ایم ڈی سی ایمپلائز اینڈ ورکرز یونینز (سی بی اے) سورینج، ڈیگاری، شاہرگ نے پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن (پی ایم ڈی سی) کو منافع بخش ادارہ اور قومی اثاثہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن کی نجکاری کسی صورت قبول نہیں، اربوں روپے قومی خزانے میں جمع کرانے والے ادارے (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

ڈی سی لورالائی کا زیر تعمیر ڈیجیٹل لائبریری اور خواتین کے جمنازیم کا دورہ

ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں غیر ضروری تاخیر کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے بی ایس ڈی آئی (BSDI) فیز ٹو کے تحت زیر تعمیر ڈیجیٹل لائبریری اور خواتین کے جمنازیم کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری تعمیراتی کام، معیار، رفتار اور منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا دورے کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نے منصوبوں کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا۔ انہیں تعمیراتی کام کی موجودہ صورتحال، استعما (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

سعودی عرب کا حوثی حملوں کا سختی سے جواب دینے کا اعلان

ریاض (آن لائن) حوثیوں نے سعودی عرب کے تین شہروں پر حملے کر دیے، حملوں میں 13 افراد زخمی ہو گئے، سعودی اتحاد نے بڑے پیمانے پر جواب دینے کا اعلان کر دیا۔ اتحادی افواج کے مطابق خمیس مشیط، ابہا اور طائف کو نشانہ بنایا گیا، سعودی عرب نے تیل تنصیبات کے تحفظ کیلئے برطانیہ سے فوجی تعاون مانگ لیا، برطانوی وزیراعظم سعودی (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

ڈائریکٹر جنرل فشریز کا ڈائریکٹر میرین و دیگر افسران کے ہمراہ ہاربر جیٹی گوادر کا دورہ

گوادر (خ ن) حکومت بلوچستان کی ماہی گیر دوست پالیسی اور سمندری وسائل کے تحفظ کے تحت ڈائریکٹر جنرل فشریز بلوچستان عتیق اللہ خان نے گوادر کا دورہ کیا جہاں پر انہوں نے لائسنس رجسٹریشن و انسپکشن کے عمل کا موقع پر معائنہ کیا اور متعلقہ افسران کو تمام مراحل شفاف انداز میں مکمل کرنے اور فشریز قوانین و ضوابط پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی اس موقع ڈائریکٹر فشریز میرین احمد ندیم و دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے بعد ازاں ڈائریکٹر جنرل فشریز نے ڈائریکٹر میرین احمد (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

جمہوریت صرف ووٹ ڈالنے کا نام نہیں، میر چنگیز جمالی

عوام کے حقوق، آزادی، اختیار اور تحفظ کو یقینی بنانے کا نام ہے

اوستہ محمد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سابق صوبائی صدر و سابق وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی میر چنگیز خان جمالی نے عالمی یوم جمہوریت کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ جمہوریت صرف ووٹ ڈالنے کا نام نہیں بلکہ عوام کے حقوق، آزادی، اختیار اور تحفظ کو یقینی بنانے کا نام ہے انہوں نے کہا کہ جمہوری نظام میں عوام کی رائے کا احترام، آئین و قانون کی بالادستی اور بنیادی حقوق کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے۔ پاکستان کی بقاء، ترقی اور استحکام ایک مضبوط اور مستحکم جمہوری نظام سے وابستہ ہے میر چنگیز خان جمالی نے کہا کہ ملک (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

ضلع انتظامیہ مغرب اور سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی کچلاک بازار میں مشترکہ کارروائی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد کی ہدایت پر گداگروں / بھکاریوں کے خلاف اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امراو اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عبدالرزاق کی جانب سے کچلاک کے اطراف میں مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے مختلف مقامات پر بھیک مانگنے میں ملو (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

عدالتی اسٹے کے باوجود وڈھ کے نوجوانوں کی حق تلفی

مبینہ طور پر باہر کے امیدواروں کو درجہ چہارم کے آڈرز جاری کردیئے

خضدار (آن لائن) عدالتی اسٹے کے باوجود محکمہ صحت نے حالیہ بھرتیوں میں سول ہسپتال وڈھ کے نوجوانوں کے ساتھ مکمل ناانصافی کی گئی ہیں درجہ چہار کے پوسٹوں پر بھی وڈھ سے باہر کے امیدواروں کے آڈرز جاری کیے گئے ہیں یہ ایک بہت بڑا ظلم ہے چالیس کے قریب پوسٹوں پر بمشکل وڈھ سے پانچ کے قریب مقامی نوجوانوں کو آڈرز جاری ہوئے ہیں جبکہ انہی پوسٹوں پر تین سال قبل انٹرویوز ہوئے اور وڈھ کے کئی بے روزگار نوجوان امیدوار کامیاب قرار پائے تین سال قبل محکمہ صحت نے ان کے آڈرز جاری کیے تھے اور فائنل آڈرز (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

کوہلو، غیر قانونی اڈوں کی بھرمار، شہری ٹریفک مسائل سے پریشان

کروڑوں روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والا نیو بس اڈا غیر فعال

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں غیر قانونی اڈوں کی بھرمار کے باعث ٹریفک کے مسائل سنگین ہو گئے ہیں، شہریوں کو آمد و رفت میں شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ کروڑوں روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والا نیو بس اسٹینڈ تاحال غیر فعال ہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع کوہستان مری میں مختلف مقامات پر قائم غیر قانونی اڈوں کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی ہے۔ سڑکوں اور اہم شاہراہوں پر گاڑیوں کی بے ہنگم پارکنگ اور غیر قانونی اڈوں کے قیام سے آئے روز ٹریفک جام کے مسائل پیدا ہوتے ہیں، جس سے شہریوں، طلبہ، (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

نذر محمد ولد نیک محمد قوم اوڈزئی کے جاں بحق ہونے کے واقعے کی تفتیش میں اہم پیش رفت

چمن (خ ن) ضلع چمن پولیس نے کالج روڈ پر فائرنگ کے نتیجے میں نذر محمد ولد نیک محمد قوم اوڈزئی کے جاں بحق ہونے کے واقعے کی تفتیش میں اہم پیش رفت کرتے ہوئے قلیل وقت میں مبینہ طور پر ملوث ملزم قدرت اللہ کو گرفتار کر لیا، جبکہ اس کے قبضے سے پسٹل، مبینہ آلہ قتل، بھی (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

کیو ڈی اے نے دو پبلک پارکس کی شفاف مسابقتی بولی اور ناکارہ مشینری کی نیلامی مکمل کر لی

ناکارہ مشینری آکشن سے فوری و پہلے سال کی مد میں 3 کروڑ 65 لاکھ 91 ہزار 901 روپے کی آمدن

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (کیو ڈی اے) نے شفافیت، میرٹ، جوابدہی اور عوامی اثاثوں کے مؤثر استعمال کو یقینی بنانے کے عزم کے تحت دو پبلک پارکس کی کھلی اور شفاف مسابقتی بولی جبکہ تین ناکارہ سرکاری مشینری آکشن کی نیلامی کا عمل کامیابی سے مکمل کر لیا ہے۔ کیو ڈی اے کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز میں بتایا گیا ہے کہ شفاف اور مسابقتی عمل کے نتیجے میں فوری اور پہلے سال کی مد میں مجموعی طور پر 36,591,901 (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اور ایم پی اے اصغر ترین کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی زیر صدارت (DMC) کا اجلاس

کاشت کی موجودہ صورتحال سے متعلق معلومات مرتب کی جائیں گی

صوبائی حکومت سے درکار تعاون کی تفصیلات واضح طور پر فراہم کی جائیں

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت ڈویژنل مانیٹرنگ کمیٹی (DMC) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں اضلاع میں امن و امان، سیکورٹی، انسداد منشیات و پوست، تعلیمی و صحت کے اداروں کی فعالیت سمیت مختلف اہم امور پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی، اسسٹنٹ کمشنر (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

پی ایس او بولان کی نئے سال کے طلباء کیلئے ویلکم پارٹی کا اہتمام

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن بولان میڈیکل کالج کی جانب سے نئے سال کے طلباء کیلئے ویلکم پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔ ویلکم پارٹی کے تقریب کی صدارت پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن بولان میڈیکل کالج یونٹ کے علاقائی سینئر معاون ڈاکٹر منصو (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

نوشکی، شہری حقوق کی پامالی ناقابلِ قبول، محاصرہ ختم کیا جائے: آل پارٹیز

زمینداروں کو کھاد فراہم کی جائے گیس کی فراہمی بحال اور غیر اعلانیہ بجلی کی لوڈشیڈنگ ختم کی جائے

نوشکی (آن لائن) نوشکی: آل پارٹیز رہنماؤں نے نوشکی میں مبینہ پابندیوں، راستوں کی بندش، سخت چیکنگ اور شہریوں کو درپیش مشکلات پر شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ نوشکی کو عملاً محاصرے میں رکھ کر شہریوں کے بنیادی، آئینی اور انسانی حقوق سلب کیے جا رہے ہیں، جسے مزید برداشت نہیں کیا جائے گا۔ پریس کلب نوشکی میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے آل پارٹیز رہنماؤں میر خورشید جمالدینی، حاجی منظور احمد مینگل، فاروق بلوچ، مفتی فدا الرحمٰن ریکی، مولانا احمد شاہ کلائی، مولانا محمد قاسم مینگل، حافظ ابراہیم الحسنی، نوشکی بار کونسل (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

کوئٹہ شہر میں عبدالستار ایدھی کے نام سے منسوب چوک پر ایدھی مرحوم کا مجسمہ دوبارہ نصب کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے عبدالستار ایدھی چوک کے نام سے منسوب چوک پر عبدالستار ایدھی مرحوم کا مجسمہ نصب کیا گیا تھا کچھ عرصہ قبل مذکورہ چوک پر خودکش حملے اور دھماکے میں اس کو نقصان پہنچا تھا جس کے بعد حکومت کی جانب (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

کوئٹہ، سابق نگراں وزیراعلیٰ علاؤالدین مری، ڈی آئی جی عمران شوکت، سابق وزرا نصیب مری، عارف جان محمد حسنی، قادر محمد حسنی، ازرک، اورنگزیب بادینی اور دیگر ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان غوریزئی کے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون، فیکس: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com